بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مجموعۂ قرآن

[illegible]

[illegible]

# مجموعہ وظائف مترجم

## مکمل

ایک با اعتماد ادارہ
عثمان کتاب گھر
ریل بازار بوریوالہ

ماسٹر کمپنی ۱۶-اردو بازار-لاہور۲

MASOOD FAISAL JHANDIR LIBRARY
Acc No. 111024
MAILSI

TECHNICAL SUPPORT BY
CHUGHTAI
PUBLIC LIBRARY

لَا یَمَسُّہٗٓ اِلَّا الْمُطَھَّرُوْنَ

# مجموعۂ وظائف مترجم

## مکمل

ماسٹر کمپنی ۱۶- اُردو بازار - لاہور ۲

# فهرس سُورتهائے ووظائف وادعیه


| نمبرشمار | فهرس سورتهائے ووظائف وغیرها | صفحه نمبر | نمبرشمار | فهرس سورتهائے ووظائف وادعیه | صفحه نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | فهرست | ۲ | ۳۶ | دُرودِ کبریتِ احمر | ۲۸۷ |
| ۲ | فضائل وخواص | ۳ | ۳۷ | دُرود مستغاث | ۳۰۴ |
| ۳ | سورة الكهف | ۹ | ۳۸ | دُرود مُقدّس | ۳۳۲ |
| ۴ | سورة السجده | ۴۱ | ۳۹ | دُرود تنجینا | ۳۴۰ |
| ۵ | سورة یٰسٓ | ۴۹ | ۴۰ | دُرود قبرستان | ۳۴۲ |
| ۶ | سورة محمد | ۶۵ | ۴۱ | عهد نامه | ۳۴۵ |
| ۷ | سورة الفتح | ۷۷ | ۴۲ | آیة الکرسی | ۳۴۷ |
| ۸ | سورة قٓ | ۸۹ | ۴۳ | دُعائے جمیله | ۳۴۸ |
| ۹ | سورة الرّحمٰن | ۹۷ | ۴۴ | دُعائے عکاشه | ۳۵۲ |
| ۱۰ | سورة الواقعة | ۱۰۵ | ۴۵ | سید الاستغفار | ۳۶۰ |
| ۱۱ | سورة الجمعة | ۱۱۴ | ۴۶ | دُعائے سُنت عصر | ۳۶۱ |
| ۱۲ | سورة التغابن | ۱۱۸ | ۴۷ | دُعائے شُکر الله | ۳۶۲ |
| ۱۳ | سورة الملك | ۱۲۴ | ۴۸ | دُعائے استعاذه | ۳۶۴ |
| ۱۴ | سورة نُوح | ۱۳۲ | ۴۹ | دُعائے استخاره | ۳۶۶ |
| ۱۵ | سورة الجنّ | ۱۳۷ | ۵۰ | دُعائے استجاب | ۳۶۸ |
| ۱۶ | سورة المزّمّل | ۱۴۳ | ۵۱ | دُعائے شکر النهار | ۳۷۰ |
| ۱۷ | سورة الدهر | ۱۴۸ | ۵۲ | دُعائے حقوق والدین | ۳۷۳ |
| ۱۸ | سورة النّبا | ۱۵۴ | ۵۳ | دُعائے حاجت | ۳۷۴ |
| ۱۹ | سورة الطارق | ۱۵۹ | ۵۴ | دُعائے نور | ۳۷۵ |
| ۲۰ | سورة الفجر | ۱۶۱ | ۵۵ | دُعائے وُسعت رزق | ۳۷۷ |
| ۲۱ | سورة الكافرون | ۱۶۵ | ۵۶ | مناجاتِ عربی | ۳۷۹ |
| ۲۲ | سورة الاخلاص | ۱۶۵ | ۵۷ | حزب البحر | ۳۸۰ |
| ۲۳ | سورة الفلق | ۱۶۶ | ۵۸ | نماز | ۴۰۰ |
| ۲۴ | سورة الناس | ۱۶۷ | ۵۹ | دُعائے سجده تلاوت | ۴۰۸ |
| ۲۵ | اسماء الحُسنیٰ | ۱۶۸ | ۶۰ | دُعائے ادائے قرض | |
| ۲۶ | اسماء النبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم | ۱۷۲ | ۶۱ | وظائف مُسنونه | ۴۰۹ |
| ۲۷ | اسماء السبع | ۱۷۵ | ۶۲ | دُرود ناریه | |
| ۲۸ | دعائے گنج العرش | ۱۷۷ | ۶۳ | تعویذِ نظر بد | ۴۱۰ |
| ۲۹ | هفت هیکل | ۱۹۱ | ۶۴ | دُعائے امن | |
| ۳۰ | شش قفل | ۲۰۴ | ۶۵ | دُعائے دفع بخار | |
| ۳۱ | اوراد الاسبوع | ۲۰۸ | ۶۶ | دُعائے درد سر | ۴۱۱ |
| ۳۲ | مسبعات عشر | ۲۳۶ | ۶۷ | دُعائے حل المشکلات | ۴۱۲ |
| ۳۳ | دُرود اکبر | ۲۴۴ | ۶۸ | دُعائے ماثوره | ۴۱۳ |
| ۳۴ | دُرود لکهی | ۲۷۸ | ۶۹ | دُعائے قدح | ۴۱۵ |
| ۳۵ | دُرود تاج | ۲۸۴ | | | |

# فضائل و خواص

## سورۂ کہف
۹ تا ۴۰

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جمعہ کے روز جو شخص سورہ کہف کو پڑھے گا اس کا دِل دوسرے جمعہ تک انشاءاللہ تعالیٰ نور سے منور رہے گا۔ فتنہ دجّال سے بھی محفوظ رہے گا شب جمعہ کو بھی اس کے پڑھنے کی بڑی فضیلت آئی ہے اس کا نقش رفع محتاجگی کے لئے مجرب ہے ظالم دشمن کی تباہی کے علاوہ اگر حاملہ عورت کے گلے میں ڈالا جائے تو اس کا حمل ساقط نہ ہو گا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۶۳۷۱ | ۱۲۶۳۸۵ | ۱۲۶۳۸۲ | ۱۲۶۳۷۹ |
| ۱۲۶۳۸۳ | ۱۲۶۳۷۸ | ۱۲۶۳۷۲ | ۱۲۶۳۸۴ |
| ۱۲۶۳۷۷ | ۱۲۶۳۸۰ | ۱۲۶۳۸۷ | ۱۲۶۳۷۳ |
| ۱۲۶۳۸۶ | ۱۲۶۳۷۴ | ۱۲۶۳۷۶ | ۱۲۶۳۸۱ |

## سورۂ سجدہ
۴۱ تا ۴۸

حدیث شریف میں آیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے روز نماز فجر کی پہلی رکعت میں سورہ سجدہ اور دوسری رکعت میں سورۃ الدھر کی تلاوت فرمایا کرتے تھے ایک اور روایت میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رات کو سونے سے پہلے روزانہ سورۂ سجدہ اور سورۂ ملک کی تلاوت فرمایا کرتے تھے یہ سورۃ حشر میں اپنے پڑھنے والے کے لئے خدا کے حضور سفارش کرے گی۔

## سورۂ یٰس
۴۹ تا ۶۴

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ سورۂ یٰس قرآن شریف کا دل ہے اس کی تلاوت سے فلاح دارین حاصل، حاجتیں پوری اور برائیاں دفع ہوتی ہیں، جو شخص محض اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے بخش دیں گے جو صبح کے وقت پڑھے گا اس کی دن بھر کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی اس کا نقش اپنے پاس رکھنے سے ہر دلعزیز ہو گا۔ لوگوں میں قدر و منزلت بڑھے گی، مال میں برکت، دشمن سرنگوں، حاکم جابر سے محفوظ، مریض صحت یاب، قید سے رہائی پائے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۱۸ | ۴۴۹ | ۴۵۱ | ۴۲۰ | ۴۵۳ | ۴۲۳ |
| ۴۲۹ | ۴۲۵ | ۴۴۴ | ۴۴۵ | ۴۲۸ | ۴۴۲ |
| ۴۳۶ | ۴۳۴ | ۴۳۲ | ۴۳۳ | ۴۳۷ | ۴۴۱ |
| ۴۳۵ | ۴۴۰ | ۴۳۸ | ۴۳۹ | ۴۳۱ | ۴۳۰ |
| ۴۴۷ | ۴۴۳ | ۴۲۷ | ۴۲۶ | ۴۴۶ | ۴۲۴ |
| ۴۴۰ | ۴۲۲ | ۴۲۱ | ۴۵۰ | ۴۱۹ | ۴۵۳ |

## سورۂ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
۶۵ تا ۷۶

جو شخص اس سورۃ شریف کو پڑھے یا لکھ کر گلاب سے دھو کر پئے تو جاہ و مرتبہ میں رفعت ہو اور اگر لکھ کر گلے میں ڈالے تو دشمنوں پر فتح یاب ہو۔ اگر سخت مہم درپیش ہو تو اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے انشاءاللہ اس مہم پر غالب آئے۔

## سورۂ فتح
۷۷ تا ۸۹

رمضان شریف کا چاند دیکھ کر اس سورت کو تین بار پڑھنا باعث کشادگی رزق ہے جو شخص جنگ کے وقت اس کے نقش کو لکھ اپنے پاس رکھے تو

محفوظ رہے کشتی یا جہاز وغیرہ میں سوار ہوتے وقت پڑھنے سے ہلاکت وغیرہ سے محفوظ رہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۷۱۹۹ | ۴۷۲۱۳ | ۴۷۲۱۰ | ۴۷۲۰۶ |
| ۴۷۲۱۱ | ۴۷۲۰۵ | ۴۷۲۰۰ | ۴۷۲۱۲ |
| ۴۷۲۰۴ | ۴۷۲۰۸ | ۴۷۲۱۵ | ۴۷۳۰۱ |
| ۴۷۲۱۴ | ۴۷۲۱۳ | ۴۷۲۰۳ | ۴۷۳۰۹ |

## سورۂ قٓ
۸۹ تا ۹۶

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر جمعہ کے خطبہ میں پڑھا کرتے تھے، نیز فجر کی پہلی رکعت میں پڑھا کرتے تھے، اُمِّ ہشام فرماتی ہیں کہ سورہ قٓ آنحضرتؐ کی زبان سے سُن سُن کر یاد کرلی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر بڑے مجمعوں میں پڑھا کرتے تھے۔

## سورۂ الرحمٰن
۹۷ تا ۱۰۴

ہر چیز کی کوئی نہ کوئی زینت ہوتی ہے قرآن پاک کی زینت سورہ الرحمٰن ہے، آنکھ کے درد، طحال کے مریض پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے مرض سے افاقہ ہوتا ہے، روزانہ تلاوت کرنے والے کا چہرہ چودہویں رات کے چاند کی طرح منور ہوگا۔ اس کا نقش لکھ کر پانی سے دھو کر گھر کی دیواروں پر چھڑکنے سے موذی جانور بھاگ جائیں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۰۲۹۶ | ۳۰۳۰۹ | ۳۰۳۰۶ | ۳۰۳۰۳ |
| ۳۰۳۰۷ | ۳۰۳۰۲ | ۳۰۲۹۷ | ۳۰۳۰۸ |
| ۳۰۳۰۱ | ۳۰۳۰۴ | ۳۰۳۱۱ | ۳۰۲۹۸ |
| ۳۰۳۱۰ | ۳۰۲۹۹ | ۳۰۳۰۰ | ۳۰۳۰۵ |

## سورۂ واقعہ
۱۰۵ تا ۱۱۴

سورۂ واقعہ کو سورۃ الغناء بھی کہا جاتا ہے رات کو سونے سے قبل اس کی تلاوت کرنے والا شخص انشاءاللہ العزیز کبھی بھی فاقہ کا شکار نہ ہوگا۔ روزانہ پڑھنے والا غنی ہو جاتا ہے اس کے نقش کو لکھ کر باندھنے سے ولادت میں آسانی ہو جاتی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ سورۂ واقعہ خود بھی پڑھو اور اپنی اولاد کو بھی یاد کراؤ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵۷۳۳ | ۲۵۷۴۷ | ۲۵۷۴۴ | ۲۵۷۴۱ |
| ۲۵۷۴۵ | ۲۵۷۴۰ | ۲۵۷۳۴ | ۲۵۷۴۶ |
| ۲۵۷۳۹ | ۲۵۷۴۲ | ۲۵۷۴۹ | ۲۵۷۳۵ |
| ۲۵۷۴۸ | ۲۵۷۳۶ | ۲۵۷۳۸ | ۲۵۷۴۳ |

## سورۂ جمعہ
۱۱۴ تا ۱۱۷

اگر میاں بیوی میں نا اتفاقی رہتی ہو تو دونوں میں کوئی اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار جمعہ کے روز فجر کی نماز کے بعد تین بار پڑھ کر دعا مانگے اور ایسے سات جمعہ کرے ایسا کرنے سے نفاق دور ہو کر محبت بڑھے گی نیز جو شخص اچھی طرح کلام نہ کر سکتا ہو اس کے ورد سے زبان درست ہو جائے گی۔

## سورۂ تغابن
۱۱۸ تا ۱۲۳

سورۂ تغابن کو پانی پر دم کر کے مکان کے در و دیوار پر چھڑکنے سے طاعون، ہیضہ اور آسیب وغیرہ کے لئے مفید بتایا جاتا ہے اگر کوئی اس کو پڑھ کر کسی ظالم کے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۹۹۲۷ | ۱۹۹۴۱ | ۱۹۹۳۸ | ۱۹۹۳۵ |
| ۱۹۹۳۹ | ۱۹۹۳۴ | ۱۹۹۲۸ | ۱۹۹۴۰ |
| ۱۹۹۳۳ | ۱۹۹۳۶ | ۱۹۹۴۳ | ۱۹۹۲۵ |
| ۱۹۹۴۲ | ۱۹۹۳۰ | ۱۹۹۳۲ | ۱۹۹۳۷ |

پاس جاوے تو اس کے ظلم کے شر سے محفوظ رہے۔ نقش پچھلے صفحہ پر ہے۔

## سُورۂ مُلک
۱۲۴ تا ۱۲۵

سرورِ کائنات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم روزانہ رات کو سوتے وقت سورۂ ملک کی تلاوت فرمایا کرتے تھے جو شخص عشاء کی نماز کے بعد سوتے وقت اس سورت کی تلاوت روزانہ کرے گا انشاء اللہ العزیز قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا مغفرت نصیب ہوگی سکرات سے امن پائے گا، مقروض قرض سے نجات پائے گا، رویت ہلال کے وقت تلاوت کرنے والا سارا مہینہ آرام سے بسر کرے گا۔ آشوبِ چشم کے لئے روزانہ تین روز متواتر پڑھ کر دم کرنا بھی مفید ہے اس کا نقش ہر مطلب برآری کے لئے مفید ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳۳۱۹۹ | ۳۳۰۹۴ | ۳۳۲۰۱ |
| ۳۳۲۰۰ | ۳۳۱۹۸ | ۳۳۱۹۶ |
| ۳۳۱۹۵ | ۳۳۲۰۲ | ۳۳۱۹۷ |

## سُورۂ نوح
۱۳۲ تا ۱۳۶

اگر کسی سخت دشمن سے سامنا ہو جائے اور اس کا دفعیہ ناممکن ہو تو سورۂ جن کو ایک ہزار بار پڑھیں یا بہت سے آدمی جتنی تعداد طاق ہو ایک ہی جلسہ میں بیٹھ کر ختم کریں۔ دشمن ہلاک ہو جائے گا۔ اگر اس کا نقش اپنے پاس رکھے تو رنج والم سے نجات، نیز اولاد اور بارش کے لئے مفید ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۸۵۷۸ | ۱۸۵۸۱ | ۱۸۵۸۴ | ۱۸۵۷۱ |
| ۱۸۵۸۳ | ۱۸۵۷۲ | ۱۸۵۷۷ | ۱۸۵۸۲ |
| ۱۸۵۷۳ | ۱۸۵۷۶ | ۱۸۵۷۹ | ۱۸۵۸۶ |
| ۱۸۵۸۰ | ۱۸۵۷۵ | ۱۸۵۷۴ | ۱۸۵۸۵ |

## سُورۂ جِنّ
۱۳۷ تا ۱۴۲

آسیب زدہ کو سات روز روزانہ سات بار پڑھ کر دم کرنے سے آسیب بھاگ جائے گا، سات سو بار پڑھنے سے جن پری قابو میں آجاوے اس کا نقش بھی دفع آسیب اور قید سے رہائی کے لئے مفید ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰۲۱۲ | ۲۰۲۰۷ | ۲۰۲۱۴ |
| ۲۰۲۱۳ | ۲۰۲۱۱ | ۲۰۲۰۹ |
| ۲۰۲۰۸ | ۲۰۲۱۵ | ۲۰۲۱۰ |

## سُورۂ مزمل
۱۴۳ تا ۱۴۷

سورہ مزمل کا روزانہ ورد کرنے والا شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے شرف یاب ہو، زبان بندی اور تیغ بندی کے لئے نہایت ہی مجرب ہے اگر پڑھ کر حاکم کے سامنے جائے تو حاکم مہربان ہو، کشائش رزق کے لئے ہر روز سات مرتبہ پڑھے، سورہ مزمل پڑھنے والے پر عذاب نہیں ہوتا، اس پر دوزخ حرام ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲۸۲۳ | ۲۲۸۱۸ | ۲۲۸۲۵ |
| ۲۲۸۲۴ | ۲۲۸۲۲ | ۲۲۸۲۰ |
| ۲۲۸۱۹ | ۲۲۸۲۶ | ۲۲۸۲۱ |

## سُورۂ دہر
۱۴۸ تا ۱۵۴

فراخی رزق کے لئے سورۂ دہر کو اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پچھتر بار روزانہ پڑھے ایسے ہی اکیس روز پڑھے۔ اس کا نقش لکھ

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۹۳۹۶ | ۱۹۴۰۰ | ۱۵۴۰۳ | ۱۹۳۸۹ |
| ۱۹۴۰۲ | ۱۹۳۵۰ | ۱۹۳۵۵ | ۱۹۴۰۱ |
| ۱۹۳۵۱ | ۱۹۴۰۵ | ۱۹۳۹۸ | ۱۹۳۹۴ |
| ۱۹۳۵۵ | ۱۹۳۹۳ | ۱۹۳۹۲ | ۱۹۴۰۴ |

کر اپنے پاس رکھنے سے دِلی مرادیں حاصل ہوں گی۔

## سُورۂ نبا
۱۵۴ تا ۱۵۸

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جس شخص نے سورۂ نبا پڑھی قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اس کو شرابِ طہور پلائے گا ظہر کے بعد تلاوت کرنے سے بصارت میں اضافہ ہوتا ہے اور نماز عصر کے بعد اس کو پڑھنے سے بصارت زائل نہ ہوگی۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۷۵۵۳ | ۱۷۵۴۸ | ۱۷۵۵۵ |
| ۱۷۵۵۴ | ۱۷۵۵۲ | ۱۷۵۵۰ |
| ۱۷۵۴۹ | ۱۷۵۵۶ | ۱۷۵۵۱ |

## سُورۂ طارق
۱۵۹ تا ۱۶۰

دفع آسیب کے لئے سورہ طارق تین بار پڑھنے سے آسیب جاتا رہتا ہے۔ نیز اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو اس کے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۴۴۱ | ۴۴۴۴ | ۴۴۴۷ | ۴۴۳۳ |
| ۴۴۴۶ | ۴۴۳۲ | ۴۴۴۰ | ۴۴۳۵ |
| ۴۴۳۵ | ۴۴۴۶ | ۴۴۴۲ | ۴۴۳۹ |
| ۴۴۴۳ | ۴۴۳۸ | ۴۴۳۶ | ۴۴۴۸ |

## سُورۂ فجر
۱۶۱ تا ۱۶۴

صبح کے وقت سورۂ فجر کی تلاوت کرنے والا شخص انشاء اللہ تعالیٰ تمام دِن خوشی سے گزارے گا۔

## سُورۂ کافرون
۱۶۵

آسیب اور جمیع بلیات کے لئے سورہ کافرون سو دفعہ پڑھنے سے ہر قسم کی تکلیف سے نجات ہوگی۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۳۳۵ | ۳۳۰ | ۳۳۷ |
| ۳۳۶ | ۳۳۴ | ۳۳۲ |
| ۳۳۱ | ۳۳۸ | ۳۳۳ |

## سُورۂ اخلاص
۱۶۶

سورہ اخلاص تین بار پڑھنے سے ختم قرآن شریف کا ثواب ملتا ہے نقش گلے میں باندھنے سے بچہ تمام آفات سے محفوظ رہے۔

## سُورۂ فلق
۱۶۶

بلاناغہ تلاوت کرنے والا تمام آفات ارضی وسماوی سے محفوظ رہے گا۔ آسیب زدہ پر پڑھ کر دم کرنے سے آرام ہوگا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۳۲۳ | ۱۳۲۷ | ۱۳۳۰ | ۱۳۱۶ |
| ۱۳۲۹ | ۱۳۱۷ | ۱۳۲۲ | ۱۳۲۸ |
| ۱۳۱۸ | ۱۳۳۲ | ۱۳۲۵ | ۱۳۲۱ |
| ۱۳۲۶ | ۱۳۳۰ | ۱۳۱۹ | ۱۳۳۱ |

## سُورۂ ناس
۱۶۷

سورۃ والناس پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے سحر آسیب اور ہر بلا سے محفوظ رہے اس کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے تمام پریشانیاں دُور ہوں۔

## اسماءُ الحسنیٰ
۱۶۸ تا ۱۷۱

یہ اللہ تعالےٰ کے پاک نام ہیں جو کوئی ان کو یاد کر کے روزانہ پڑھے گا انشاءاللہ العزیز جنت میں داخل ہوگا۔

## اسماء نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
۱۷۲ تا ۱۷۴

یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اسماء مبارک ہیں پڑھتے وقت ہر مقدس نام سے پہلے سیدنا

اور بعد میں صلی اللہ علیہ وسلم پڑھے ہر شب باوضو حضور اکرمؐ کا تصور کر کے باادب و شوق پڑھنے سے انشاء اللہ خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو گا۔

**دعائے گنج العرش**
**۱۷۷ تا ۱۹۰**

اس مبارک دُعا کا پڑھنا موجب ثواب دارین وحصول منافع دین و دنیا، وسعت وکشادگی رزق اور حل المشکلات ہے لاعلاج مریض اور مسحور مریض پر پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ العزیز صحت ہوگی۔

**ہفت ہیکل**
**۱۹۱ تا ۲۰۳**

جو کوئی روزانہ اس کا ورد کرے گا اللہ تبارک وتعالیٰ اگر چاہے تو اس کو اور اس کے والدین کو دوزخ کے عذاب سے آزاد فرمائے جو کوئی اس کو اپنے پاس رکھے گا وبائی امراض سے محفوظ رہے گا اس پر سکرات کی تکلیف آسان ہوگی اس کے علاوہ اور بہت سے فوائد ہیں نیز تمام آفات سے محفوظ رہے گا، اگر مقروض ہوگا تو قرضے سے بھی سبکدوش ہوگا۔

**شش قفل**
**۲۰۴ تا ۲۰۷**

جو کوئی روزانہ شب کے وقت اس کو پڑھے گا انشاء اللہ العزیز رحمتِ خداوندی سے نوازا جائے گا اور تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

**اوراد الاسبوع**
**۲۰۸ تا ۲۳۵**

یہ اوراد سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی سے منسوب ہیں اور ہفتہ کے سات دنوں پر تقسیم کئے گئے ہیں روزانہ کسی فرض نماز کے بعد درود شریف پڑھ کر اس دن کا ورد پڑھیں انشاء اللہ تعالے دنیوی واُخروی فوائد حاصل ہوں گے فراخی رزق، موت کی سختی سے نجات اور قبر میں راحت ملے گی۔

**مسبعات عشر**
**۲۳۶ تا ۲۴۳**

مسبعات عشر، درود مستغاث، درود کبریت احمر وغیرہ صبح کی نماز کے بعد کے وظائف ہیں مقصد یہ انسان کے اوقات ذکر الٰہی سے خالی نہ ہوں جس کے لئے پیدا کیا گیا ہے نیز واضح رہے کہ کسب حلال بعض نوافل سے افضل ہے۔

**دُرُودِ اکبر**
**۲۴۴ تا ۲۷۷**

بزرگان سلف سے روایت ہے کہ خلوص نیت اور صدقِ دل سے درود شریف کو پڑھنے والا شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو گا۔

**دُرُودِ لکھی**
**۲۷۸ تا ۲۸۳**

قرآن مجید میں ہے کہ اللہ رب العزت اور فرشتے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں مسلمانوں کو بھی درود بھیجنے کا حکم دیا گیا ہے اس درود شریف میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر بے انتہا درود وسلام عرض کیا گیا ہے اس لئے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے یقینی توقع ہے کہ اس کے پڑھنے والے کو لاکھ یا اس سے بھی زیادہ ثواب عطا فرمائے۔

**دُرُودِ تاج**
**۲۸۴ تا ۲۸۶**

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کے آرزومند کو چاہیئے کہ عروج ماہ شب جمعہ بعد نماز عشاء پاک وصاف لباس پہن کر اور خوشبو لگا کر اس درود کو باوضو (۱۷۰) بار پڑھ کر سوجائے اور گیارہ شب یہی عمل کرے انشاء اللہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے شرف یاب ہوگا افلاس، رنج، ظالم کے ظلم، دشمنوں کے شر دور کرنے اور

فراخیٔ رزق کے لئے اس کا ایک چلہ شب کے وقت اکتالیس مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

**عہدنامہ**
**۳۴۵ تا ۳۴۶**

عہدنامے کے پڑھنے سے انشاء اللہ العزیز ایمان کامل اور تازہ ہوگا، ہر قسم کی جائز حاجات پوری ہوں گی، اور امراض و مصائب سے نجات ملے گی۔

**دعائے امن**
**۴۴۰**

جو کوئی سال میں ایک دفعہ دعائے امن کو پڑھے گا تو انشاء اللہ العزیز سال بھر آسیب وغیرہ سے امن میں رہے گا۔

**دعائے جمیلہ**
**۳۴۸ تا ۳۵۱**

دعائے جمیلہ کو پڑھنا باعث بخشش گناہ وحصولِ ثواب ہے جو شخص فرض نمازوں اور بالخصوص تہجد کی نماز کے بعد پڑھے گا، بے حدوحساب ثواب پائے گا۔

**دعائے عکاشہ**
**۳۵۲ تا ۳۵۹**

اس دعا کے ذریعہ ایک گنہگار بندہ اپنی نامعلوم کوتاہیوں پر تائب ہو رہا ہے اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہوئے سید الاستغفار کے ذریعے اپنے پروردگار سے بخشش طلب کر رہا ہے، کیا عجب کہ اس وقت دریائے رحمت موجزن ہو اور ان کی برکتوں سے اس کا بیڑا پار ہو جائے۔

**اسماء السبع**
**۱۷۵ تا ۱۷۶**

جو شخص ان اسماء کے معانی و مطالب سمجھ کر پڑھے اور اس کے مطابق عمل پیرا ہو۔ تو وہ ایک انسان کامل کا نمونہ بن جائے اور برکات الٰہیہ سے مستفید ہو۔

**دعائے شکر النہار**
**۳۷۰ تا ۳۷۲**

دعائے شکر النہار کے لیے بھی دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص ایک بار پڑھے۔ نماز کے بعد دعائے شکر النہار پڑھے۔

**دعا برائے حقوق والدین**
**۳۷۳**

حقوق والدین کے لیے بھی دو رکعت نماز نفل پڑھے ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد ایک بار آیت الکرسی اور تین بار قُل شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھے والدین کی خدمت میں اگر کسی قسم کی کوئی کوتاہی ہوگی تو خداوند قدوس اپنے فضل سے معاف فرمائیں گے۔

**دُعائے نور**
**۳۷۵ تا ۳۷۶**

حضرت سلمانؓ کہتے ہیں کہ میں نے اہل مکہ و مدینہ سے ہزار نفر کو یہ دعا تعلیم کی، ان سب کو خدا تعالیٰ نے شفا دی، اس دُعا کو صاحب تپ خود پڑھے مفید و مجرب ہے۔

## سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّعَشْرُ اٰيَاتٍ وَّاثْنَا عَشَرَ رُكُوْعًا

سورہ کہف مکی ہے اور اس میں ایک سو دس آیتیں اور بارہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ

سب تعریف خدا ہی کو ہے جس نے اپنے بندے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر (یہ)

الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۜ ﴿۱﴾ قَيِّمًا

کتاب نازل کی اور اس میں کسی طرح کی کجی (اور پیچیدگی) نہ رکھی (بلکہ) سیدھی

لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ

(اور سلیس اتاری) تاکہ (لوگوں کو) عذاب سخت سے جو اُسکی طرف سے (آنے والا) ہے ڈرائے اور مومنوں کو

الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ

جو نیک عمل کرتے ہیں خوشخبری سُنائے کہ اُن کے لئے (اُن کے کاموں کا) نیک

اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۙ ﴿۲﴾ مّٰكِثِيْنَ فِيْهِ

بدلا (یعنی بہشت) ہے جس میں وہ ابدالآباد

اَبَدًا ۙ ﴿۳﴾ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ

رہیں گے اور اُن لوگوں کو بھی ڈرائے جو کہتے ہیں کہ خدا نے (کسی کو) بیٹا

وَلَدًا ۝٤ ق مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ط
بنا لیا ہے اُن کو اس بات کا کچھ بھی علم نہیں اور نہ اُنکے باپ دادا ہی کو تھا

كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ط اِنْ
(یہ) بڑی سخت بات ہے جو اُن کے مُنہ سے نکلتی ہے (اور کچھ

يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۝٥ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ
شک نہیں کہ) یہ جو کچھ کہتے ہیں محض جھُوٹ ہے (اے پیغمبرؐ) اگر یہ اس کلام پر ایمان

نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا
نہ لائیں تو شاید تم اُن کے پیچھے رنج کر کر کے

بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝٦ اِنَّا جَعَلْنَا مَا
اپنے تئیں ہلاک کر دو گے جو چیز زمین پر ہے ہم نے

عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ
اُس کو زمین کے لئے آرائش بنایا ہے تاکہ لوگوں کی آزمائش کریں کہ ان میں کون

اَحْسَنُ عَمَلًا ۝٧ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا
اچھّے عمل کرنے والا ہے اور جو چیز زمین پر ہے ہم اس کو (نابود کر کے)

صَعِيْدًا جُرُزًا ۝٨ ط اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ
بنجر میدان کر دیں گے کیا تم خیال کرتے ہو کہ غار

الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ⑨

اور لوح والے ہماری نشانیوں میں سے عجیب تھے ؟

اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ

جب وہ جوان غار میں جا رہے تو کہنے لگے اے ہمارے پروردگار

اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ

ہم پر اپنے ہاں سے رحمت نازل فرما اور ہمارے کام میں درستی

اَمْرِنَا رَشَدًا ⑩ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي

(کے سامان) مہیا کر تو ہم نے غار میں کئی سال تک اُن کے کانوں پر (نیند کا)

الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ⑪ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ

پردہ ڈالے (یعنی اُن کو سُلائے) رکھا۔ پھر اُن کو جگا اُٹھایا تاکہ

لِنَعْلَمَ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا

معلوم کریں کہ جتنی مدّت وہ (غار میں) رہے دونوں جماعتوں میں سے اسکی مقدار کس کو

اَمَدًا ⑫ ع نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ

خوب یاد ہے ہم اُن کے حالات تم سے صحیح صحیح بیان کرتے

بِالْحَقِّ ۭ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ

ہیں وہ کئی جوان تھے جو اپنے پروردگار پر ایمان لائے تھے اور ہم نے انکو

ع ۱۳/۲ -

هُدًى ۝١٣ وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا

اور زیادہ ہدایت دی تھی اور اُن کے دلوں کو مربوط (یعنی مضبوط) کر دیا جب وہ اُٹھ کھڑے ہوئے

فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

تو کہنے لگے کہ ہمارا پروردگار آسمانوں اور زمین کا مالک ہے

لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَّقَدْ

ہم اس کے سوا کسی کو معبود (سمجھ کر) نہ پکاریں گے (اگر ایسا کیا) تو اس وقت

قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ۝١٤ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا

ہم نے بعید از عقل بات کہی ان ہماری قوم کے لوگوں نے اُس کے سوا اور

مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ

معبود بنا رکھے ہیں بھلا یہ اُن (کے خدا ہونے) پر کوئی کھلی

بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى

دلیل کیوں نہیں لاتے تو اس سے زیادہ کون ظالم ہے جو اللہ پر

عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝١٥ ؕ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا

جھوٹ افتراء کرے اور جب تم نے ان (مشرکوں) سے اور جن کی یہ

يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ

خدا کے سوا عبادت کرتے ہیں اُن سے کنارہ کر لیا ہے تو غار میں چل رہو تمہارا

يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ

پروردگار تمہارے لئے اپنی رحمت وسیع کر دے گا اور تمہارے کاموں میں

مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾ وَتَرَى الشَّمْسَ

آسانی (کے سامان) مہیّا کرے گا اور جب سورج نکلے تو تم دیکھو کہ

اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ

(دھوپ) اُن کے غار سے داہنی طرف سمٹ

الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ

جائے اور جب غروب ہو تو اُن سے بائیں طرف

الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ۭ ذٰلِكَ مِنْ

کترا جائے اور وہ اُس کے میدان میں تھے یہ خُدا کی نشانیوں

اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ

میں سے ہیں جس کو خُدا ہدایت دے وہ ہدایت یاب ہے

وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا

اور جس کو گمراہ کرے تو تم اس کے لئے کوئی دوست راہ بتانے والا

مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾ ع وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ

نہ پاؤ گے اور تم ان کو خیال کرو کہ جاگ رہے ہیں حالانکہ وہ

ع ۱۴ / ۵ / ۲

رُقُوْدٌ ۖ وَّ نُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَ ذَاتَ

سوتے ہیں اور ہم اُن کو دائیں اور بائیں کروٹ بدلاتے

الشِّمَالِ ۖ وَ كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ

تھے۔ اور اُن کا کُتّا چوکھٹ پر دونوں ہاتھ پھیلائے

بِالْوَصِيْدِ ؕ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ

ہوئے تھا اگر تم ان کو جھانک کر دیکھتے تو پیٹھ پھیر کر

مِنْهُمْ فِرَارًا وَّ لَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿۱۸﴾ وَ

بھاگ جاتے اور اُن سے دہشت میں آجاتے۔ اور

كَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ؕ قَالَ

اسی طرح ہم نے اُن کو اُٹھایا تاکہ آپس میں ایک دوسرے سے دریافت کریں ایک کہنے

قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ؕ قَالُوْا لَبِثْنَا

والے نے کہا کہ تم (یہاں) کتنی مدّت رہے؟ انہوں نے کہا کہ ایک

يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ

دن یا اس سے بھی کم۔ انہوں نے کہا کہ جتنی مدّت تم رہے ہو تمہارا

بِمَا لَبِثْتُمْ ؕ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ

پروردگار ہی اس کو خوب جانتا ہے۔ تو اپنے میں سے کسی کو یہ روپیہ دے کر

هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى

شہر کو بھیجو وہ دیکھے کہ نفیس کھانا کونسا

طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ

ہے تو اس میں سے کھانا لے آئے اور آہستہ آہستہ آئے جائے

وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ﴿۱۹﴾ اِنَّهُمْ اِنْ

اور تمہارا حال کسی کو نہ بتائے اگر وہ تم پر

يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ

دسترس پالیں گے تو تمہیں سنگسار کر دیں گے یا پھر اپنے مذہب میں

فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۲۰﴾ وَ

داخل کر لیں گے اور اس وقت تم کبھی فلاح نہیں پاؤ گے اور

كَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ

اسی طرح ہم نے (لوگوں کو) اُن (کے حال) سے خبردار کر دیا تاکہ وہ جانیں کہ

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ

خدا کا وعدہ سچا ہے اور یہ کہ قیامت (جس کا وعدہ کیا جاتا ہے) اسمیں کچھ

فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ

شک نہیں اس وقت لوگ اُن کے بارے میں باہم جھگڑنے لگے اور

فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ؕ رَبُّهُمْ اَعْلَمُ

کہنے لگے کہ اُن (کے غار) پر عمارت بنا دو اُن کا پروردگار اُن (کے حال)

بِهِمْ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ

سے خوب واقف ہے جو لوگ اُن کے معاملے میں غلبہ رکھتے تھے وہ

لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ﴿۲۱﴾ سَيَقُوْلُوْنَ

کہنے لگے کہ ہم اُن (کے غار) پر مسجد بنائیں گے (بعض لوگ) اٹکل پچو کہیں گے

ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ

کہ وہ تین تھے (اور) چوتھا اُن کا کُتّا تھا اور (بعض) کہیں گے کہ وہ پانچ تھے

سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۚ وَ

اور چھٹا اُن کا کُتّا تھا اور (بعض)

يَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ؕ

کہیں گے کہ وہ سات تھے اور آٹھواں اُن کا کُتّا تھا

قُلْ رَّبِّىْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا

کہہ دو کہ میرا پروردگار ہی اُن کے شمار سے خوب واقف ہے اُن کو جانتے بھی ہیں تو تھوڑے

قَلِيْلٌ ۥ قف فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ص

ہی لوگ (جانتے ہیں) تو تم اُن (کے معاملے) میں گفتگو نہ کرنا مگر سرسری سی گفتگو۔

۳۷۵ ع ۱۵

وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿۲۲﴾ وَلَا

اور نہ اُن کے بارے میں اُن میں سے کسی سے کچھ دریافت ہی کرنا اور کسی

تَقُوْلَنَّ لِشَاْىءٍ اِنِّىْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿۲۳﴾

کام کی نسبت نہ کہنا کہ میں اُسے کل کر دوں گا۔

اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ

مگر (انشاءاللہ کہہ کر یعنی اگر) خدا چاہے تو (کر دوں گا) اور جب خدا کا نام لینا بھول جاؤ تو یاد

وَقُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّىْ لِاَقْرَبَ

آنے پر لے لو اور کہہ دو کہ اُمید ہے کہ میرا پروردگار مجھے اس سے بھی زیادہ

مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿۲۴﴾ وَلَبِثُوْا فِىْ كَهْفِهِمْ

ہدایت کی باتیں بتائے اور اصحاب کہف اپنے

ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿۲۵﴾

غار میں نو اُوپر تین سو سال رہے

قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ

کہہ دو کہ جتنی مدت وہ رہے اُسے خدا ہی خوب جانتا ہے اسی کو آسمانوں اور زمین کی

وَالْاَرْضِ اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ مَا لَهُمْ مِّنْ

پوشیدہ باتیں (معلوم) ہیں وہ کیا خوب دیکھنے والا اور کیا خوب سُننے والا ہے اسکے سوا اُن کا کوئی

دُونِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾

کارساز نہیں اور نہ وہ اپنے حکم میں کسی کو شریک کرتا ہے۔

وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ط

اور اپنے پروردگار کی کتاب کو جو تمہارے پاس بھیجی جاتی ہے پڑھتے رہا کرو۔

لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ قف ج وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ

اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں اور اس کے سوا تم کہیں پناہ بھی

مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ

نہیں پاؤ گے اور جو لوگ صبح و شام اپنے پروردگار کو

يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ

پکارتے اور اس کی خوشنودی کے طالب ہیں اُن کے ساتھ صبر کرتے

يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ج

رہو۔ اور تمہاری نگاہیں اُن میں سے (گزر کر اور طرف) نہ دوڑیں

تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ج وَلَا تُطِعْ مَنْ

کہ تم آرائش زندگانی دُنیا کے خواستگار ہو جاؤ اور جس شخص کے دل کو ہم

اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ

نے اپنی یاد سے غافل کر دیا ہے اور وہ اپنی خواہش کی پیروی کرتا ہے اور اس کا کام

الثلثۃ

اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۫ قف

حد سے بڑھ گیا ہے اس کا کہنا نہ ماننا۔ اور کہہ دو کہ (لوگو) یہ قرآن تمہارے پروردگار کی طرف سے برحق ہے۔

فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۙ

تو جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کافر رہے

اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ

ہم نے ظالموں کے لئے دوزخ کی آگ تیار کر رکھی ہے جس کی قناتیں ان کو گھیر

سُرَادِقُهَا ؕ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ

رہی ہوں گی اور اگر فریاد کریں گے تو ایسے کھولتے ہوئے پانی سے اُن کی دادرسی

كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ الشَّرَابُ ؕ

کی جائیگی (جو) پگھلے ہوئے تانبے کیطرح (گرم ہوگا اور جو) مونہوں کو بھون ڈالے گا (اُن کے پینے کا) پانی بھی

وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

بُرا اور آرام گاہ بھی بُری۔ (اور) جو ایمان لائے اور کام بھی

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ

نیک کرتے رہے تو ہم نیک کام کرنے والوں کا اجر

اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿۳۰﴾ ج اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ

ضائع نہیں کرتے۔ ایسے لوگوں کیلئے ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جن میں

تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِهِمُ الۡاَنۡهٰرُ یُحَلَّوۡنَ فِیۡهَا

اُن کے (محلوں کے) نیچے نہریں بہہ رہی ہیں اُن کو وہاں سونے کے

مِنۡ اَسَاوِرَ مِنۡ ذَهَبٍ وَّیَلۡبَسُوۡنَ ثِیَابًا

کنگن پہنائے جائیں گے اور وہ باریک دیبا اور

خُضۡرًا مِّنۡ سُنۡدُسٍ وَّاِسۡتَبۡرَقٍ مُّتَّكِـِٕیۡنَ

اطلس کے سبز کپڑے پہنا کریں گے (اور) تختوں پر تکیے لگا کر

فِیۡهَا عَلَی الۡاَرَآئِكِ ؕ نِعۡمَ الثَّوَابُ ؕ وَحَسُنَتۡ

بیٹھا کریں گے (کیا) خوب بدلا اور (کیا) خوب

مُرۡتَفَقًا ﴿۳۱﴾ ع وَاضۡرِبۡ لَهُمۡ مَّثَلًا رَّجُلَیۡنِ ع ۴ ۹

آرام گاہ ہے اور اُن سے دو شخصوں کا حال بیان کرو جن میں سے ایک کو

جَعَلۡنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَیۡنِ مِنۡ اَعۡنَابٍ وَّ

ہم نے انگور کے دو باغ (عنایت) کیئے تھے اور اُن کے

حَفَفۡنٰهُمَا بِنَخۡلٍ وَّجَعَلۡنَا بَیۡنَهُمَا زَرۡعًا ﴿۳۲﴾ ط

گرداگرد کھجوروں کے درخت لگا دیئے تھے اور اُنکے درمیان کھیتی پیدا کردی تھی۔

كِلۡتَا الۡجَنَّتَیۡنِ اٰتَتۡ اُكُلَهَا وَلَمۡ تَظۡلِمۡ مِّنۡهُ

دونوں باغ (کثرت سے) پھل لاتے اور اس (کی پیداوار) میں کسی طرح کی کمی

شَیْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ﴿۳۳﴾ ۙ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ

نہ ہوتی اور دونوں میں ہم نے ایک نہر بھی جاری کر رکھی تھی اور (اس طرح) اس شخص کو (اُن کی)

فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ یُحَاوِرُهٗۤ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ

پیداوار (ملتی رہتی) تھی۔ تو (ایک دن) جب کہ وہ اپنے دوست سے باتیں کر رہا تھا کہنے لگا کہ میں تم سے مال (و دولت)

مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ

میں بھی زیادہ ہوں اور جتھے (اور جماعت) کے لحاظ سے بھی زیادہ عزت والا ہوں۔ اور (ایسی شیخیوں سے) اپنے حق میں ظلم کرتا ہوا

لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَاۤ اَظُنُّ اَنْ تَبِیْدَ هٰذِهٖۤ اَبَدًا ﴿۳۵﴾ ۙ

اپنے باغ میں داخل ہوا۔ کہنے لگا کہ میں نہیں خیال کرتا کہ یہ باغ کبھی تباہ ہو۔

وَّمَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآىِٕمَةً ۙ وَّلَىِٕنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى

اور نہ خیال کرتا ہوں کہ قیامت برپا ہو اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا

رَبِّیْ لَاَجِدَنَّ خَیْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ لَهٗ

بھی جاؤں تو (وہاں) ضرور اس سے اچھی جگہ پاؤں گا۔ تو اُس کا دوست

صَاحِبُهٗ وَهُوَ یُحَاوِرُهٗۤ اَكَفَرْتَ بِالَّذِیْ خَلَقَكَ

جو اُس سے گفتگو کر رہا تھا کہنے لگا کہ کیا تم اُس (خدا) سے کفر کرتے ہو جس نے تم کو

مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿۳۷﴾ ؕ

مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تمہیں پورا مرد بنایا۔

لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۳۸﴾

مگر میں تو یہ کہتا ہوں کہ خدا ہی میرا پروردگار ہے اور میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔

وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ

اور (بھلا) جب تم اپنے باغ میں داخل ہوئے تو تم نے ماشاء اللہ

لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ

لا قوۃ الا باللہ کیوں نہ کہا؟ اگر تم مجھے مال و اولاد میں اپنے سے

مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾ ۚ فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا

کمتر دیکھتے ہو تو عجب نہیں کہ میرا پروردگار مجھے تمہارے باغ سے بہتر

مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ

عطا فرمائے اور اس (تمہارے باغ) پر آسمان سے آفت بھیج

السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾ ۙ اَوْ يُصْبِحَ

دے تو وہ صاف میدان ہو جائے یا اُس (کی نہر) کا پانی

مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِيْطَ

گہرا ہو جائے تو پھر تم اُسے نہ لا سکو۔ اور اُس کے

بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ

میووں کو عذاب نے آگھیرا اور وہ اپنی چھتریوں پر گر کر رہ گیا تو جو مال اُس نے

فِيهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا وَيَقُولُ

اس پر خرچ کیا تھا۔ اس پر (حسرت سے) ہاتھ ملنے لگا اور کہنے لگا

يَٰلَيْتَنِي لَمْ أُشْرِكْ بِرَبِّيٓ أَحَدًا ﴿٤٢﴾ وَلَمْ تَكُن

کہ کاش میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناتا۔ اور (اس وقت)

لَّهُۥ فِئَةٌ يَنصُرُونَهُۥ مِن دُونِ ٱللَّهِ وَمَا

خدا کے سوا کوئی جماعت اُس کی مددگار نہ ہوئی اور نہ

كَانَ مُنتَصِرًا ﴿٤٣﴾ هُنَالِكَ ٱلْوَلَٰيَةُ لِلَّهِ

وہ بدلا لے سکا۔ یہاں (سے ثابت ہوا کہ) حکومت سب خدائے برحق ہی

۵ ع ۱۳ ۱۷ ٱلْحَقِّ ۚ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَخَيْرٌ عُقْبًا ﴿٤٣﴾ ع وَٱضْرِبْ

کی ہے۔ اُسی کا صلہ بہتر اور (اُسی کا) بدلا اچھا ہے اور اُن سے

لَهُم مَّثَلَ ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا كَمَآءٍ أَنزَلْنَٰهُ مِنَ

دنیا کی زندگی کی مثال بھی بیان کردو (وہ ایسی ہے) جیسے پانی جسے ہم نے آسمان سے

ٱلسَّمَآءِ فَٱخْتَلَطَ بِهِۦ نَبَاتُ ٱلْأَرْضِ فَأَصْبَحَ

برسایا تو اس کے ساتھ زمین کی روئیدگی مل گئی پھر وہ

هَشِيمًا تَذْرُوهُ ٱلرِّيَٰحُ ۗ وَكَانَ ٱللَّهُ عَلَىٰ

چورا چورا ہو گئی کہ ہوائیں اُسے اُڑاتی پھرتی ہیں اور خدا تو ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿٤٥﴾ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ

قدرت رکھتا ہے مال اور بیٹے تو دُنیا کی زندگی کی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ

(رونق و) زینت ہیں اور نیکیاں جو باقی رہنے والی ہیں وہ ثواب کے لحاظ سے تمہارے پروردگار

رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿٤٦﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَ

کے ہاں بہت اچھی اور اُمید کے لحاظ سے بہت بہتر ہیں اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور

تَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ

تم زمین کو صاف میدان دیکھو گے اور اُن (لوگوں) کو ہم جمع کر لیں گے تو اُن میں سے

مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿٤٧﴾ ۚ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ

کسی کو بھی نہیں چھوڑیں گے۔ اور سب تمہارے پروردگار کے سامنے صف باندھ کر لائے جائیں گے

لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍۭ بَلْ

(تو ہم اُن سے کہیں گے کہ) جس طرح ہم نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا اسی طرح آج تم ہمارے سامنے آئے لیکن

زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿٤٨﴾ وَوُضِعَ

تم نے تو یہ خیال کر رکھا تھا کہ ہم نے تمہارے لئے (قیامت کا) کوئی وقت مقرر ہی نہیں کیا۔ اور (عملوں کی)

الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا

کتاب (کھول کر) رکھی جائیگی تو تم گنہگاروں کو دیکھو گے کہ جو کچھ اس میں (لکھا) ہوگا اس سے ڈر رہے ہونگے

فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ

اور کہیں گے ہائے شامت یہ کیسی کتاب ہے کہ نہ

لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ وَ

چھوٹی بات کو چھوڑتی ہے نہ بڑی کو (کوئی بات بھی نہیں) مگر اُسے لکھ رکھا ہے اور

وَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۭ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ

جو عمل کیے ہوں گے سب کو حاضر پائیں گے اور تمہارا پروردگار کسی پر ظلم

اَحَدًا ۧ ﴿۴۹﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ع ۶/۵ ۱۸

نہیں کرے گا اور جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو تو

فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ كَانَ مِنَ الْجِنِّ

سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس (نے نہ کیا) وہ جنات میں سے تھا تو

فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ۭ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ

اپنے پروردگار کے حکم سے باہر ہو گیا کیا تم اس کو اور اس کی اولاد کو میرے

اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ۭ بِئْسَ

سوا دوست بناتے ہو حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہیں، اور (شیطان کی دوستی)

لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ﴿۵۰﴾ مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ

ظالموں کیلئے (خدا کی دوستی کا) بُرا بدل ہے۔ میں نے اُن کو نہ تو آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے کے

وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۠ وَمَا كُنْتُ

اور میں ایسا نہ تھا کہ اور نہ خود اُن کے پیدا کرنے کے وقت وقت بلایا تھا

مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿۵۱﴾ وَيَوْمَ يَقُوْلُ

اور جس دن خدا فرمائے گا مدد گار بناتا گمراہ کرنے والوں کو

نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ

کہ (اب) میرے شریکوں کو جن کی نسبت تم گمان (الوہیت) رکھتے تھے بلاؤ تو وہ

فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿۵۲﴾

اُن کو بلائیں گے مگر وہ اُن کو کچھ جواب نہ دیں گے اور ہم انکے بیچ میں ایک ہلاکت کی جگہ بنا دینگے

وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا

اور گنہگار لوگ دوزخ کو دیکھیں گے تو یقین کرلیں گے کہ اُس میں پڑنے والے ہیں

وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿۵۳﴾ ع وَلَقَدْ صَرَّفْنَا ع ۷ ۱۹

اور اُس سے بچنے کا کوئی رستہ نہ پائیں گے۔ اور ہم نے اس قرآن میں

فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَ

لوگوں (کے سمجھانے) کے لئے طرح طرح کی مثالیں بیان فرمائی ہیں لیکن

كَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾ وَمَا مَنَعَ

اور لوگوں کے پاس انسان سب چیزوں سے بڑھ کر جھگڑالو ہے

النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰى وَ

جب ہدایت آگئی تو ان کو کس چیز نے منع کیا کہ ایمان لائیں اور

يَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ

اپنے پروردگار سے بخشش مانگیں بجز اس کے کہ (اس بات کے منتظر ہوں کہ) انہیں بھی پہلوں

اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿٥٥﴾ وَمَا نُرْسِلُ

کا سا معاملہ پیش آئے یا ان پر عذاب سامنے آموجود ہو۔ اور ہم جو پیغمبروں کو بھیجا

الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ج وَ

کرتے ہیں تو صرف اس لئے کہ (لوگوں کو خدا کی نعمتوں کی) خوشخبریاں سنائیں اور (عذاب سے) ڈرائیں اور

يُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا

جو کافر ہیں وہ باطل (کی سند) سے جھگڑا کرتے ہیں تاکہ اس سے حق کو

بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿٥٦﴾

پھسلا دیں اور انہوں نے ہماری آیتوں کو اور جس چیز سے ان کو ڈرایا جاتا ہے ہنسی بنالیا۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا

اور اس سے (زیادہ) ظالم کون ہے جس کو اسکے پروردگار کے کلام سے سمجھایا گیا تو اس نے اس سے منہ پھیر لیا

وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ط اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

اور جو اعمال وہ آگے کر چکا اس کو بھول گیا۔ ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیئے

أَكِنَّةً أَنْ يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ۖ وَإِنْ

ہیں کہ اُسے سمجھ نہ سکیں اور کانوں میں ثقل (پیدا کر دیا ہے کہ سُن نہ سکیں) اور اگر تم

تَدْعُهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ فَلَنْ يَهْتَدُوا إِذًا أَبَدًا ﴿۵۷﴾

اُن کو رستے کی طرف بلاؤ تو کبھی رستے پر نہ آئیں گے۔

وَرَبُّكَ الْغَفُورُ ذُو الرَّحْمَةِ ۖ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا

اور تمہارا پروردگار بخشنے والا صاحبِ رحمت ہے اگر وہ اُن کے کرتوتوں پر اُن کو

كَسَبُوا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۚ بَلْ لَهُمْ مَوْعِدٌ

پکڑنے لگے تو اُن پر جھٹ عذاب بھیج دے۔ مگر اُن کے لئے ایک وقت

لَنْ يَجِدُوا مِنْ دُونِهِ مَوْئِلًا ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ الْقُرَىٰ

(مقرر کر رکھا) ہے کہ اُس کے عذاب سے کوئی پناہ کی جگہ نہ پائیں گے۔ اور یہ بستیاں (جو ویران پڑی

أَهْلَكْنَاهُمْ لَمَّا ظَلَمُوا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَوْعِدًا ﴿۵۹﴾ ع ۸ ۲۰

ہیں) جب انہوں نے (کفر سے) ظلم کیا تو ہم نے اُن کو تباہ کر دیا اور اُنکی تباہی کیلئے ایک وقت مقرر کر دیا تھا۔

وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِفَتَاهُ لَا أَبْرَحُ حَتَّىٰ أَبْلُغَ

اور جب موسیٰ نے اپنے شاگرد سے کہا کہ جب تک میں دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ نہ پہنچ جاؤں

مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ أَوْ أَمْضِيَ حُقُبًا ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا بَلَغَا

ہٹنے کا نہیں خواہ برسوں چلتا رہوں۔ جب اُن کے ملنے

مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِى

کے مقام پر پہنچے تو اپنی مچھلی بھول گئے تو اُس نے دریا میں سُرنگ کی طرح

الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿۶۱﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا

اپنا رستہ بنا لیا۔ جب آگے چلے تو (موسیٰؑ نے) اپنے شاگرد سے کہا کہ ہمارے لئے

غَدَآءَنَا ز لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿۶۲﴾

کھانا لاؤ اس سفر سے ہم کو بہت تکان ہو گئی ہے۔

قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّىْ نَسِيْتُ

اُس نے کہا کہ بھلا آپ نے دیکھا کہ جب ہم نے پتھر کے پاس آرام کیا تھا تو میں مچھلی (وہیں)

الْحُوْتَ ز وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ج

بھول گیا اور مجھے (آپ سے) اُس کا ذکر کرنا شیطان نے بھلا دیا۔

وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِى الْبَحْرِ ق صلے عَجَبًا ﴿۶۳﴾ قَالَ ذٰلِكَ

اور اس نے عجب طرح سے دریا میں اپنا رستہ لیا۔ (موسیٰ نے) کہا یہی تو

مَا كُنَّا نَبْغِ ق صلے فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿۶۴﴾ لا

(وہ مقام) ہے جسے ہم تلاش کرتے تھے تو وہ اپنے پاؤں کے نشان دیکھتے دیکھتے لوٹ گئے۔

فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ

(وہاں) انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ دیکھا جس کو ہم نے اپنے ہاں سے رحمت (یعنی

عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾ قَالَ لَهٗ

نبوّت یا نعمتِ ولایت) دی تھی اور اپنے پاس سے علم بخشا تھا۔ موسیٰؑ نے اُن سے

مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا

(جن کا نام خضرؑ تھا) کہا کہ جو علم (خدا کی طرف سے) آپ کو سکھایا گیا ہے اگر آپ اس میں سے مجھے کچھ بھلائی (کی باتیں)

عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿۶۶﴾ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ

سکھائیں تو میں آپ کے ساتھ رہوں۔ (خضرؑ نے) کہا کہ تم میرے ساتھ رہ کر صبر

مَعِيَ صَبْرًا ﴿۶۷﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ

نہیں کر سکو گے اور جس بات کی تمہیں خبر ہی نہیں اُس پر صبر کر بھی

بِهٖ خُبْرًا ﴿۶۸﴾ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

کیوں سکتے ہو؟ (موسیٰؑ نے) کہا خدا نے چاہا تو آپ مجھے صابر پایئے گا

صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿۶۹﴾ قَالَ فَاِنِ

اور میں آپ کے ارشاد کے خلاف نہیں کروں گا۔ (خضرؑ نے) کہا اگر تم میرے

اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى

ساتھ رہنا چاہو تو (شرط یہ ہے) مجھ سے کوئی بات نہ پوچھنا جب تک میں

اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿۷۰﴾ ع فَانْطَلَقَا وقفة حَتّٰٓى ع ۹ ۱۱ ۲۱

خود اس کا ذکر تم سے نہ کروں۔ تو دونوں چل پڑے یہاں تک کہ

اِذَا رَكِبَا فِى السَّفِيۡنَةِ خَرَقَهَا ؕ قَالَ اَخَرَقۡتَهَا

جب کشتی میں سوار ہوئے تو (خضرؑ نے) کشتی کو پھاڑ ڈالا (موسیٰؑ نے) کہا کیا آپ نے اسکو اسلئے

لِتُغۡرِقَ اَهۡلَهَا ۚ لَقَدۡ جِئۡتَ شَيۡـًٔـا اِمۡرًا ﴿۷۱﴾

پھاڑا ہے کہ سواروں کو غرق کر دیں۔ یہ تو آپ نے بڑی (عجیب) بات کی۔

قَالَ اَلَمۡ اَقُلۡ اِنَّكَ لَنۡ تَسۡتَطِيۡعَ مَعِىَ

(خضرؑ نے) کہا۔ کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ تم میرے ساتھ صبر نہ کر

صَبۡرًا ﴿۷۲﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذۡنِىۡ بِمَا نَسِيۡتُ وَلَا

سکو گے۔ (موسیٰؑ نے) کہا کہ جو بھول مجھ سے ہوئی اس پر مواخذہ نہ کیجیے۔ اور

تُرۡهِقۡنِىۡ مِنۡ اَمۡرِىۡ عُسۡرًا ﴿۷۳﴾ فَانْطَلَقَا ۥ وقفة

میرے معاملے میں مجھ پر مشکل نہ ڈالیے۔ پھر دونوں چلے

حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلۡتَ

یہاں تک کہ رستے میں ایک لڑکا ملا تو (خضرؑ نے) اُس کو مار ڈالا۔ (موسیٰؑ نے) کہا آپ نے ایک بے گناہ

نَفۡسًا زَكِيَّةًۢ بِغَيۡرِ نَفۡسٍ ؕ لَقَدۡ جِئۡتَ شَيۡـًٔـا

شخص کو (ناحق) بغیر قصاص کے مار ڈالا۔ (یہ تو) آپ نے بُری

نُّكۡرًا ﴿۷۴﴾ قَالَ اَلَمۡ اَقُلۡ لَّكَ اِنَّكَ لَنۡ تَسۡتَطِيۡعَ

بات کی۔ (خضرؑ نے) کہا کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ تم میرے ساتھ صبر

الجزء ١٦

مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٥﴾ قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ

نہیں کر سکو گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر میں اس کے بعد (پھر) کوئی بات پوچھوں

بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ

(یعنی اعتراض کروں) تو مجھے اپنے ساتھ نہ رکھئے گا کہ آپ میری طرف سے عذر (کے قبول کرنے) میں غایت

عُذْرًا ﴿٧٦﴾ فَانْطَلَقَا ۥ وقفة حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ

کو پہنچ گئے۔ پھر دونوں چلے یہاں تک کہ ایک گاؤں والوں کے پاس

قَرْيَةِ ۣاسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا

پہنچے اور اُن سے کھانا طلب کیا۔ اُنہوں نے اُن کی ضیافت کرنے سے انکار کیا۔

فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ

پھر انہوں نے وہاں ایک دیوار دیکھی جو (جھک کر) گرا چاہتی تھی تو خضرؑ نے اُس کو

فَاَقَامَهٗ ۭ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ

سیدھا کر دیا۔ (موسیٰؑ نے) کہا اگر آپ چاہتے تو اُن سے اس کا معاوضہ لیتے (تاکہ

اَجْرًا ﴿٧٧﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ

کھانے کا کام چلتا)۔ (خضرؑ نے) کہا کہ اب مجھ میں اور تم میں علیحدگی ہے (مگر)

سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ

جن باتوں پر تم صبر نہ کر سکے۔ میں اُن کا تمہیں بھید بتائے

صَبْرًا ﴿٧٨﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ

دیتا ہوں۔ (کہ وہ جو) کشتی (تھی) غریب لوگوں کی تھی جو دریا میں محنت

يَعْمَلُوْنَ فِى الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا

(کر کے یعنی کشتیاں چلا کر گزارہ) کرتے تھے اور ان کے سامنے (کی طرف) ایک بادشاہ

وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ

تھا جو ہر ایک کشتی کو زبردستی چھین لیتا تھا تو میں نے چاہا کہ اسے عیب دار کردوں (تاکہ وہ اسے

غَصْبًا ﴿٧٩﴾ وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ

غصب نہ کر سکے)۔ اور وہ جو لڑکا تھا اس کے ماں باپ دونوں مومن تھے ہمیں

فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿٨٠﴾ ج

اندیشہ ہوا کہ وہ (بڑا ہو کر بدکردار ہوگا کہیں) ان کو سرکشی اور کفر میں نہ پھنسا دے۔

فَاَرَدْنَآ اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ

تو ہم نے چاہا کہ ان کا پروردگار اس کی جگہ ان کو اور (بچہ) عطا فرمائے جو پاک طینتی میں بہتر

زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ

اور محبت میں زیادہ قریب ہو۔ اور وہ جو دیوار تھی سو وہ یتیم

لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِى الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ

لڑکوں کی تھی (جو) شہر میں (رہتے تھے) اور اس کے نیچے

تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ج فَاَرَادَ

اُن کا خزانہ (مدفون) تھا اور اُن کا باپ ایک نیک آدمی تھا تو تمہارے

رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَاۤ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا صلے ق

پروردگار نے چاہا کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائیں اور (پھر) اپنا خزانہ نکالیں

رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ج وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِيْ ط

یہ تمہارے پروردگار کی مہربانی ہے اور یہ کام میں نے اپنی طرف سے نہیں کیے۔

ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٨٢﴾ ع ط ع ١٢ / ١

یہ اُن باتوں کا راز ہے جن پر تم صبر نہ کر سکے۔

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ط قُلْ سَاَتْلُوْا

اور تم سے ذوالقرنین کے بارے میں دریافت کرتے ہیں کہہ دو کہ میں اُس کا کسی قدر

عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿٨٣﴾ ط اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ

حال تمہیں پڑھ کر سناتا ہوں۔ ہم نے اُس کو زمین میں بڑی دسترس دی تھی۔

وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿٨٤﴾ لا فَاَتْبَعَ

اور ہر طرح کا سامان عطا کیا تھا۔ تو اُس نے (سفر کا) ایک

سَبَبًا ﴿٨٥﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ

سامان کیا۔ یہاں تک کہ جب سورج کے غروب ہونے کی جگہ پہنچا تو اُسے ایسا پایا

وَجَدَهَا تَغۡرُبُ فِىۡ عَيۡنٍ حَمِئَةٍ وَّ وَجَدَ
کہ ایک کیچڑ کی ندی میں ڈوب رہا ہے۔ اور اس ندی کے

عِنۡدَهَا قَوۡمًا ؕ قُلۡنَا يٰذَا الۡقَرۡنَيۡنِ اِمَّاۤ اَنۡ
پاس ایک قوم دیکھی۔ ہم نے کہا ذوالقرنین! تم ان کو خواہ تکلیف دو

تُعَذِّبَ وَاِمَّاۤ اَنۡ تَتَّخِذَ فِيۡهِمۡ حُسۡنًا ﴿۸۶﴾
خواہ ان (کے بارے) میں بھلائی اختیار کرو (دونوں باتوں کی تم کو قدرت ہے)۔

قَالَ اَمَّا مَنۡ ظَلَمَ فَسَوۡفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ
(ذوالقرنین نے) کہا کہ جو (کفر و بدکرداری سے) ظلم کرے گا اُسے ہم عذاب دیں گے پھر (جب) وہ

اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكۡرًا ﴿۸۷﴾ وَاَمَّا مَنۡ
اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا جائے گا تو وہ بھی اُسے بُرا عذاب دے گا۔ اور جو ایمان لائے

اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ۨالۡحُسۡنٰى ۚ وَ
اور عمل نیک کرے گا اس کے لئے بہت اچھا بدلہ ہے اور

سَنَقُوۡلُ لَهٗ مِنۡ اَمۡرِنَا يُسۡرًا ؕ ﴿۸۸﴾ ثُمَّ اَتۡبَعَ
ہم اپنے معاملے میں (اُس پر کسی طرح کی سختی نہیں کرینگے بلکہ) اُس سے نرم بات کہیں گے۔ پھر اُس نے ایک اور

سَبَبًا ﴿۸۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَطۡلِعَ الشَّمۡسِ وَجَدَهَا
سامان (سفر کا) کیا۔ یہاں تک کہ سورج کے طلوع ہونے کے مقام پر پہنچا تو دیکھا کہ وہ ایسے

تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا

لوگوں پر طلوع کرتا ہے جن کے لئے ہم نے سورج کے اس طرف کوئی اوٹ نہیں

سِتْرًا ۙ﴿۹۰﴾ كَذٰلِكَ ؕ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿۹۱﴾

بنائی تھی۔ (حقیقت الحال) یوں (تھی)، اور جو کچھ اس کے پاس تھا ہم کو سب کی خبر تھی۔

ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۹۲﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ

پھر اس نے ایک اور سامان کیا یہاں تک کہ دو دیواروں کے درمیان پہنچا

وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ

تو دیکھا کہ ان کے اس طرف کچھ لوگ ہیں کہ بات کو سمجھ نہیں

قَوْلًا ﴿۹۳﴾ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ

سکتے۔ ان لوگوں نے کہا کہ ذوالقرنین! یاجوج اور ماجوج زمین میں

مُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ

فساد کرتے رہتے ہیں بھلا ہم آپ کے لئے خرچ (کا انتظام)

خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿۹۴﴾

کردیں کہ آپ ہمارے اور ان کے درمیان ایک دیوار کھینچ دیں۔

قَالَ مَا مَكَّنِّىْ فِيْهِ رَبِّىْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِىْ بِقُوَّةٍ

(ذوالقرنین نے) کہا کہ خرچ کا جو مقدور خدا نے مجھے بخشا ہے وہ بہت اچھا ہے تم مجھے قوت (بازو)

اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿٩٥﴾ اٰتُوْنِىْ زُبَرَ

سے مدد دو میں تمہارے اور اُن کے درمیان ایک مضبوط اوٹ بنا دوں گا۔ تو تم لوہے کے (بڑے بڑے) تختے

الْحَدِيْدِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ

لاؤ۔ (چنانچہ کام جاری کر دیا گیا) یہاں تک کہ جب اُس نے دونوں پہاڑوں کے درمیان (کا حصہ) برابر کر دیا

قَالَ انْفُخُوْا ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِىْۤ

اور کہا کہ (اب اسے) دھونکو یہاں تک کہ جب اس کو (دھونک دھونک کر) آگ کر دیا تو کہا کہ (اب)

اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ؕ ﴿٩٦﴾ فَمَا اسْطَاعُوْۤا اَنْ

میرے پاس تانبا لاؤ کہ اس پر پگھلا کر ڈال دوں۔ پھر اُن میں یہ قدرت نہ رہی کہ اس پر

يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ﴿٩٧﴾ قَالَ

چڑھ سکیں اور نہ یہ طاقت رہی کہ اُس میں نقب لگا سکیں۔ بولا کہ یہ

هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّىْ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّىْ

میرے پروردگار کی مہربانی ہے جب میرے پروردگار کا وعدہ آ پہنچے گا تو

جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّىْ حَقًّا ؕ ﴿٩٨﴾ وَ

اُس کو (ڈھا کر) ہموار کر دے گا اور میرے پروردگار کا وعدہ سچا ہے۔ (اس روز)

تَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِىْ بَعْضٍ

ہم اُن کو چھوڑ دیں گے کہ (روئے زمین پر پھیل کر) ایک دوسرے میں گھس جائیں گے

وَّنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿٩٩﴾ وَّ

اور صور پھونکا جائے گا تو ہم سب کو جمع کرلیں گے۔ اور

عَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ

اُس روز جہنّم کو کافروں کے سامنے

عَرْضًا ﴿١٠٠﴾ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِىْ

لائیں گے۔ جن کی آنکھیں میری یاد سے

غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِىْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

پردے میں تھیں اور وہ سُننے کی طاقت نہیں رکھتے

سَمْعًا ﴿١٠١﴾ اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ

تھے۔ کیا کافر یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ ہمارے بندوں

يَّتَّخِذُوْا عِبَادِىْ مِنْ دُوْنِىْٓ اَوْلِيَآءَ

کو ہمارے سوا (اپنا) کارساز بنائیں گے (تو ہم خفا نہیں ہوں گے)

اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿١٠٢﴾

ہم نے (ایسے) کافروں کے لئے جہنّم کی مہمانی تیار کر رکھی ہے۔

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ

کہہ دو کہ ہم تمہیں بتائیں جو عملوں کے لحاظ سے بڑے نقصان میں

ع ٩ ٢

أَعْمَالًا ﴿۱۰۳﴾ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي

ہیں۔ وہ لوگ جن کی سعی دُنیا کی زندگی میں

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ

برباد ہو گئی اور وہ یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ اچھے

يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کام کر رہے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں

بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ

اور اُس کے سامنے جانے سے انکار کیا تو اُن کے اعمال ضائع ہو گئے اور

فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿۱۰۵﴾

ہم قیامت کے دن اُن کے لئے کچھ بھی وزن قائم نہیں کریں گے۔

ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا

یہ اُن کی سزا ہے (یعنی) جہنم اس لئے کہ اُنہوں نے کفر کیا

وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾ اِنَّ

اور ہماری آیتوں اور ہمارے پیغمبروں کی ہنسی اُڑائی۔ جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ

وگ ایمان لائے اور عمل نیک کئے ان کی مہمانی کے

لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِيْنَ

لئے بہشت کے باغ ہوں گے ۔ ہمیشہ اُن میں

فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ

رہیں گے اور وہاں سے مکان بدلنا نہ چاہیں گے ۔ کہہ دو کہ اگر

كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ

سمندر میرے پروردگار کی باتوں کے (لکھنے کے) لئے سیاہی ہو تو قبل اس کے کہ

الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ

میرے پروردگار کی باتیں تمام ہوں سمندر ختم ہو جائے اگرچہ

جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ

ہم ویسا ہی اور اس کی مدد کو لائیں ۔ کہہ دو کہ میں تمہاری طرح کا ایک بشر

مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ

ہوں (البتہ) میری طرف وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (وہی) ایک معبود ہے

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا

تو جو شخص اپنے پروردگار سے ملنے کی اُمید رکھے چاہیئے کہ عمل

صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾ ع ۱۲ ۹ ۳

نیک کرے اور اپنے پروردگار کی عبادت میں کسی کو شریک نہ بنائے ۔

انگارا تیار پائے اور یہ کہ ہمیں معلوم نہیں کہ اس سے اہلِ زمین
اُرِیْدَ بِمَنْ فِی الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ
کے حق میں بُرائی مقصود ہے یا ان کے پروردگار نے ان کی بھلائی کا
رَبُّهُمْ رَشَدًا ﴿۱۰﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَ
ارادہ فرمایا ہے اور یہ کہ ہم میں کوئی نیک ہیں اور
مِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ﴿۱۱﴾ وَّاَنَّا
کوئی اور طرح کے ہمارے کئی طرح کے مذہب ہیں اور یہ کہ
ظَنَنَّاۤ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِی الْاَرْضِ وَلَنْ
ہم نے یقین کر لیا ہے کہ ہم زمین میں (خواہ کہیں ہوں) خدا کو ہرا نہیں سکتے اور نہ
نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ﴿۱۲﴾ وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰۤی
بھاگ کر اس کو تھکا سکتے ہیں اور جب ہم نے ہدایت (کی کتاب) سُنی اُس پر ایمان
اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ یُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ فَلَا یَخَافُ
لے آئے تو جو شخص اپنے پروردگار پر ایمان لاتا ہے اُس کو نہ نقصان کا خوف
بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ﴿۱۳﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَ
ہے اور نہ ظُلم کا اور یہ کہ ہم میں بعض فرمانبردار ہیں اور

مِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا

بعض (نافرمان) گنہگار ہیں تو جو فرمانبردار ہوئے وہ سیدھے رستے

رَشَدًا ۝١٤ وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ

پر چلے اور جو گنہگار ہوئے وہ دوزخ کا ایندھن

حَطَبًا ۝١٥ وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ

بنے اور (اے پیغمبر) یہ (بھی ان سے کہہ دو) کہ اگر یہ لوگ سیدھے رستے پر

لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ۝١٦ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ

رہتے تو ہم ان کے پینے کو بہت سا پانی دیتے تاکہ اس سے ان کی آزمائش کریں

وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ

اور جو شخص اپنے پروردگار کی یاد سے مُنہ پھیرے گا وہ اس کو سخت

عَذَابًا صَعَدًا ۝١٧ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا

عذاب میں داخل کرے گا اور یہ کہ مسجدیں (خاص) خُدا کی ہیں تو خُدا

تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ۝١٨ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ

کے ساتھ کسی اور کی عبادت نہ کرو اور جب خدا کے بندے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم)

عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ

اُس کی عبادت کو کھڑے ہوئے تو کافر اُن کے گرد ہجوم کر لینے کو

ع ۱۹ |
لِبَدًا ﴿١٩﴾ؑ قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ
کہہ دو کہ میں تو اپنے پروردگار ہی کی عبادت کرتا ہوں اور کسی کو اُسکا شریک
اَحَدًا ﴿٢٠﴾ قُلْ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا
نہیں بناتا (یہ بھی) کہہ دو کہ میں تمہارے حق میں نقصان اور نفع کا کچھ اختیار نہیں
رَشَدًا ﴿٢١﴾ قُلْ اِنِّيْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ
رکھتا یہ بھی کہہ دو کہ خدا (کے عذاب) سے مجھے کوئی پناہ نہیں دے
اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿٢٢﴾ۙ
سکتا اور میں اُس کے سوا کہیں جائے پناہ نہیں دیکھتا
اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ
ہاں خدا کی طرف سے احکام کا اور اُس کے پیغاموں کا پہنچا دینا ہی (میرے ذمّے ہے) اور جو
اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ
شخص خدا اور اُس کے پیغمبر کی نافرمانی کریگا تو ایسوں کے لئے جہنّم کی آگ ہے۔
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ﴿٢٣﴾ؕ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا
ہمیشہ ہمیشہ اُس میں رہیں گے یہاں تک کہ جب یہ لوگ وہ (دن) دیکھ
يُوْعَدُوْنَ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ
لیں گے جس کا اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے تب اُن کو معلوم ہو جائیگا کہ مددگار کس کے کمزور ہیں

نَاصِرًا وَّ اَقَلُّ عَدَدًا ﴿٢٤﴾ قُلْ اِنْ اَدْرِیْٓ

اور شمار (میں) کم ہے   کہہ دو کہ جس (دن) کا تم سے وعدہ کیا

اَقَرِیْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ یَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْٓ

جاتا ہے میں نہیں جانتا کہ وہ (عن) قریب (آنے والا ہے) یا میرے پروردگار نے اُسکی مدت

اَمَدًا ﴿٢٥﴾ عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی

دراز کر دی ہے   (وہی) غیب (کی بات) جاننے والا ہے اور کسی پر اپنے غیب کو

غَیْبِهٖٓ اَحَدًا ﴿٢٦﴾ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ

ظاہر نہیں کرتا   ہاں جس پیغمبر کو پسند فرمائے تو اُس (کو)

رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ یَسْلُكُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ

غیب کی باتیں بتا دیتا ہے اور اُس) کے آگے اور پیچھے

وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿٢٧﴾ لِّیَعْلَمَ اَنْ قَدْ

نگہبان مقرر کر دیتا ہے   تاکہ معلوم فرمائے کہ انہوں نے

اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَیْهِمْ

اپنے پروردگار کے پیغام پہنچا دیئے ہیں اور (یوں تو) اُس نے ان کی سب چیزوں

وَاَحْصٰی كُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا ﴿٢٨﴾ ع ۲ ۹ ۱۲

کو ہر طرف سے قابو کر رکھا اور ایک ایک چیز گن رکھی ہے۔

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ عِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ مزمل مکی ہے اس میں بیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝١ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝٢

(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) جو کپڑے میں لپٹ رہے ہو۔ رات کو قیام کیا کرو مگر تھوڑی رات

نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝٣ اَوْ

(قیام) آدھی رات (کیا کرو) یا اس سے کچھ کم یا کچھ

زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝٤

زیادہ اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو۔

اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝٥

ہم عنقریب تم پر ایک بھاری فرمان نازل کریں گے۔

اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ

کچھ شک نہیں کہ رات کا اُٹھنا (نفس بہیمی کو) سخت پامال کرتا ہے اور

اَقْوَمُ قِيْلًا ۝٦ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ

اس وقت ذکر بھی خوب درست ہوتا ہے دن کے وقت تو تمہیں

سَبۡحًا طَوِيۡلًا ۞ ۷ وَاذۡكُرِ اسۡمَ رَبِّكَ وَ
اور بہت سے شغل ہوتے ہیں تو اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرو اور ہر
تَبَتَّلۡ اِلَيۡهِ تَبۡتِيۡلًا ۸ رَبُّ الۡمَشۡرِقِ
طرف سے بے تعلق ہو کر اس کی طرف متوجہ ہو جاؤ (وہی) مشرق اور مغرب کا
وَالۡمَغۡرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذۡهُ وَكِيۡلًا ۹
مالک (ہے اور) اُس کے سوا کوئی معبود نہیں تو اسی کو اپنا کارساز بناؤ
وَاصۡبِرۡ عَلٰى مَا يَقُوۡلُوۡنَ وَاهۡجُرۡهُمۡ
اور جو جو (دل آزار) باتیں یہ لوگ کہتے ہیں اُن کو سہتے رہو، اور اچھے
هَجۡرًا جَمِيۡلًا ۱۰ وَذَرۡنِىۡ وَالۡمُكَذِّبِيۡنَ
طریق سے اُن سے کنارہ کش رہو اور مجھے اُن جھٹلانے والوں سے جو دولت مند
اُولِى النَّعۡمَةِ وَمَهِّلۡهُمۡ قَلِيۡلًا ۱۱ اِنَّ
ہیں سمجھ لینے دو اور اُن کو تھوڑی سی مہلت دے دو، کچھ شک نہیں
لَدَيۡنَاۤ اَنۡكَالًا وَّجَحِيۡمًا ۱۲ لا وَّطَعَامًا ذَا
کہ ہمارے پاس بیڑیاں ہیں اور بھڑکتی آگ ہے اور گلوگیر کھانا ہے اور
غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيۡمًا ۱۳ ق يَوۡمَ تَرۡجُفُ
درد دینے والا عذاب (بھی) ہے۔ جس دن زمین

الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ

اور پہاڑ کانپنے لگیں اور پہاڑ (ایسے بھربھرے گویا) ریت کے

كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿١٤﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ

ٹیلے ہو جائیں، (اے اہلِ مکّہ) جس طرح ہم نے فرعون کے پاس

رَسُوْلًا ۥ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ

(موسیٰؑ کو) پیغمبر (بنا کر) بھیجا تھا (اسی طرح) تمہارے پاس (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) رسول بھیجے ہیں جو تمہارے

اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿١٥﴾ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ

مقابلہ میں گواہ ہوں گے سو فرعون نے (ہمارے) پیغمبر کا کہا

الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿١٦﴾

نہ مانا تو ہم نے اُس کو بڑے وبال میں پکڑ لیا

فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا

اگر تم بھی (ان پیغمبر کو) نہ مانو گے تو اُس دن سے کیونکر بچو گے

يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿١٧﴾ السَّمَآءُ

جو بچوں کو بُوڑھا کر دے گا اور جس سے آسمان

مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿١٨﴾

پھٹ جائے گا یہ اُس کا وعدہ (پُورا) ہو کر رہے گا،

إِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى

یہ (قرآن) تو نصیحت ہے سو جو چاہے اپنے پروردگار تک

رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝١٩ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ

(پہنچنے کا) راستہ اختیار کرلے تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ تم اور تمہارے ساتھ کے

اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ

لوگ (کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی

وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ۭ وَاللّٰهُ

رات قیام کیا کرتے ہو اور خدا تو رات اور

يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۭ عَلِمَ اَنْ

دن کا اندازہ رکھتا ہے اُس نے معلوم کیا کہ تم

لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ

اُس کو نباہ نہ سکوگے تو اُس نے تم پر مہربانی کی،

فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۭ عَلِمَ

پس جتنا آسانی سے ہوسکے (اُتنا) قرآن پڑھ لیا کرو اس نے جانا

اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ

کہ تم میں بعض بیمار بھی ہوتے ہیں اور بعض خدا کے

يَضْرِبُوْنَ فِى الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ
سفر کرتے ہیں ملک میں تلاش میں کی فضل (یعنی معاش)
فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ
کرتے ہیں اور بعض خدا کی راہ میں
سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ
لڑتے ہیں تو جتنا آسانی سے ہوسکے اُتنا پڑھ لیا کرو
وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ
اور نماز پڑھتے رہو اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو اور
اَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا
خدا کو نیک (اور خلوص نیت سے) قرض دیتے رہو اور جو نیک عمل تم
لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ
اپنے لئے آگے بھیجو گے اس کو خدا کے ہاں بہتر اور صلے
هُوَ خَيْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ
میں بزرگ تر پاؤ گے اور خدا سے بخشش مانگتے رہو
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٠﴾ ع ٢ ١٤
بے شک خدا بخشنے والا مہربان ہے۔

سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اِحْدٰى وَثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ دہر مدنی ہے اس میں اکتیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ

بیشک انسان پر زمانے میں ایک ایسا بھی وقت آچکا ہے کہ

الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا ﴿۱﴾ اِنَّا

وہ کوئی چیز قابلِ ذکر نہ تھی ہم نے

خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ

انسان کو نطفۂ مخلوط سے پیدا کیا تاکہ اسے

نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿۲﴾ اِنَّا

آزمائیں تو ہم نے اس کو سُنتا دیکھتا بنایا (اور) اُسے

هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا

رستہ بھی دکھا دیا (اب) خواہ وہ شکرگذار ہو خواہ

كَفُوْرًا ﴿۳﴾ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۟

ناشکرا ہم نے کافروں کے لئے زنجیریں طوق اور دہکتی

وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ۝۴ اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ

آگ تیار کر رکھی ہے جو نیکوکار ہیں وہ ایسی شراب نوش

مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝۵ ج

جان کریں گے جس میں کافور کی آمیزش ہو گی۔

عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا

یہ ایک چشمہ ہے جس میں سے خدا کے بندے پئیں گے اور اس میں سے (چھوٹی چھوٹی)

تَفْجِيْرًا ۝۶ يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ

نہریں نکال لیں گے یہ لوگ نذریں پوری کرتے ہیں اور اُس دن سے

يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ۝۷ وَيُطْعِمُوْنَ

جس کی سختی پھیل رہی ہو گی خوف رکھتے ہیں اور باوجودیکہ ان کو

الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّ

طعام کی خواہش (اور حاجت) ہے فقیروں اور یتیموں اور قیدیوں کو

اَسِيْرًا ۝۸ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا

کھلاتے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ ہم تم کو خالص خدا کے لئے کھلاتے ہیں نہ

نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ۝۹ اِنَّا

تم سے عوض کے خواستگار ہیں نہ شکرگزاری کے (طلبگار) ہم کو

نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ﴿۱۰﴾

اپنے پروردگار سے اس دن کا ڈر لگتا ہے جو (چہروں کو) کریہہ المنظر اور (دلوں کو) سخت (مضطر کر دینے والا ہے)

فَوَقٰهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰهُمْ

توخدا اُن کو اُس دن کی سختی سے بچا لے گا اور تازگی اور

نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ﴿۱۱﴾ وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا

خوشدلی عنایت فرمائے گا اور اُن کے صبر کے بدلے اُن کو بہشت (کے باغات)

جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ﴿۱۲﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى

اور ریشم (کے ملبوسات) عطا کرے گا ان میں وہ تختوں پر تکیہ لگائے

الْاَرَآئِكِ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا

بیٹھے ہوں گے وہاں نہ دھوپ کی (حدت) دیکھیں گے نہ سردی

زَمْهَرِيْرًا ﴿۱۳﴾ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَ

کی شدت اُن سے (ثمردار شاخیں اور) اُن کے سائے قریب ہونگے اور

ذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ﴿۱۴﴾ وَيُطَافُ

میووں کے گچھے جھکے ہوئے لٹک رہے ہوں گے (خدام) چاندی کے

عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ

باسن لئے ہوئے اُن کے اردگرد پھریں گے اور شیشے کے

كَانَتْ قَوَارِيْرَاۡ ﴿۱۵﴾ قَوَارِيْرَاۡ مِنْ فِضَّةٍ

(نہایت شفاف) گلاس اور شیشے بھی چاندی کے جو ٹھیک اندازے

قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا

کے مطابق بنائے گئے ہیں اور وہاں ان کو ایسی شراب (بھی)

كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ﴿۱۷﴾ عَيْنًا فِيْهَا

پلائی جائے گی جس میں سونٹھ کی آمیزش ہوگی. یہ بہشت میں ایک چشمہ

تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ﴿۱۸﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ

ہے جس کا نام سلسبیل ہے۔ اور اُن کے پاس لڑکے آتے جاتے ہونگے جو

مُّخَلَّدُوْنَ ۚ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا

ہمیشہ (ایک ہی حالت پر) رہیں گے جب تم اُن پر نگاہ ڈالو تو خیال کرو کہ بکھرے ہوئے

مَّنْثُوْرًا ﴿۱۹﴾ وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّ

موتی ہیں اور بہشت میں (جہاں) آنکھ اُٹھاؤ گے کثرت سے نعمت اور عظیم (الشان)

مُلْكًا كَبِيْرًا ﴿۲۰﴾ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ

سلطنت دیکھو گے اُن (کے بدنوں) پر دیبا کے سبز اور اطلس کے

وَّاِسْتَبْرَقٌ ز وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَ

کپڑے ہوں گے اور چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے اور

سَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ﴿٢١﴾ اِنَّ هٰذَا

اُن کا پروردگار اُن کو نہایت پاکیزہ شراب پلائے گا یہ تمہارا صلہ ہے

كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿٢٢﴾ ع

اور تمہاری کوشش (خدا کے ہاں) مقبول ہوئی۔

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ﴿٢٣﴾ ج

(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ہم نے تم پر قرآن آہستہ آہستہ نازل کیا ہے۔

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا

تو اپنے پروردگار کے حکم کے مطابق صبر کئے رہو اور اُن لوگوں میں سے کسی بدعمل اور

اَوْ كَفُوْرًا ﴿٢٤﴾ ج وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّ

ناشکرے کا کہا نہ مانو اور صبح و شام اپنے پروردگار کا نام

اَصِيْلًا ﴿٢٥﴾ صلے وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَ

لیتے رہو اور رات کو بڑی رات تک سجدے کرو اور

سَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ﴿٢٦﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ

اُس کی پاکی بیان کرتے رہو یہ لوگ دُنیا کو

يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ

دوست رکھتے ہیں اور (قیامت کے) بھاری دن کو پسِ پُشت

يَوْمًا ثَقِيلًا ﴿٢٧﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَا
چھوڑے دیتے ہیں ہم نے ان کو پیدا کیا اور ان کے مفاصل

أَسْرَهُمْ ۚ وَإِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَا أَمْثَالَهُمْ
کو مضبوط بنایا اور اگر ہم چاہیں تو ان کے بدلے انہی کی طرح اور

تَبْدِيلًا ﴿٢٨﴾ إِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ
لوگ لے آئیں یہ تو نصیحت ہے سو جو چاہے

شَاءَ اتَّخَذَ إِلٰى رَبِّهٖ سَبِيلًا ﴿٢٩﴾ وَمَا
اپنے پروردگار کی طرف پہنچنے کا رستہ اختیار کرے اور تم

تَشَاءُونَ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللّٰهُ ۚ إِنَّ اللّٰهَ
کچھ بھی نہیں چاہ سکتے مگر جو خدا کو منظور ہو بے شک خدا

كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿٣٠﴾ يُدْخِلُ مَنْ
جاننے والا حکمت والا ہے جس کو چاہتا ہے اپنی

يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهٖ ۚ وَالظّٰلِمِينَ أَعَدَّ لَهُمْ
رحمت میں داخل کر لیتا ہے اور ظالموں کے لئے اس نے دکھ دینے والا

عَذَابًا أَلِيمًا ﴿٣١﴾ ع
عذاب تیار کر رکھا ہے۔

# سُوۡرَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرۡبَعُوۡنَ اٰيَةً وَّفِيۡهَا رُكُوۡعَانِ

سُورہ نبا مکّی ہے اس میں چالیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

عَمَّ يَتَسَآءَلُوۡنَ ۞١ عَنِ النَّبَاِ الۡعَظِيۡمِ ۞٢

(یہ) لوگ کس چیز کی نسبت پوچھتے ہیں؟ (کیا) بڑی خبر کی نسبت؟

الَّذِىۡ هُمۡ فِيۡهِ مُخۡتَلِفُوۡنَ ۞٣ كَلَّا

جس میں یہ اختلاف کر رہے ہیں دیکھو یہ

سَيَعۡلَمُوۡنَ ۞٤ ثُمَّ كَلَّا سَيَعۡلَمُوۡنَ ۞٥

عنقریب جان لیں گے پھر دیکھو یہ عنقریب جان لیں گے

اَلَمۡ نَجۡعَلِ الۡاَرۡضَ مِهٰدًا ۞٦ وَالۡجِبَالَ

کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہیں بنایا؟ اور پہاڑوں کو اُس کی میخیں

اَوۡتَادًا ۞٧ وَّخَلَقۡنٰكُمۡ اَزۡوَاجًا ۞٨ وَجَعَلۡنَا

(نہیں ٹھہرایا؟) (بیشک بنایا) اور تم کو جوڑا جوڑا بھی پیدا کیا اور نیند کو تمہارے

نَوۡمَكُمۡ سُبَاتًا ۞٩ وَجَعَلۡنَا الَّيۡلَ لِبَاسًا ۞١٠

لئے (موجب) آرام بنایا اور رات کو پردہ مقرر کیا۔

وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ﴿۱۱﴾ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ

اور دن کو معاش (کا وقت) قرار دیا اور تمہارے اُوپر سات

سَبْعًا شِدَادًا ﴿۱۲﴾ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ﴿۱۳﴾

مضبوط (آسمان) بنائے اور (آفتاب کا) روشن چراغ بنایا

وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ﴿۱۴﴾

اور نچڑتے بادلوں سے مُوسلا دھار مینہ برسایا

لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ﴿۱۵﴾ وَّجَنّٰتٍ

تاکہ اس سے اناج اور سبزہ پیدا کریں اور گھنے

اَلْفَافًا ﴿۱۶﴾ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ

گھنے باغ بے شک فیصلے کا دِن

مِيْقَاتًا ﴿۱۷﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ

مقرر ہے جس دن صُور پھُونکا جائے گا تو تم لوگ

فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿۱۸﴾ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ

غٹ کے غٹ آموجود ہو گے اور آسمان کھولا جائیگا تو (اُس میں)

فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿۱۹﴾ وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ

دروازے ہو جائیں گے اور پہاڑ چلائے جائیں گے تو

فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿٢٠﴾ إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ

وہ ریت ہوکر رہ جائیں گے بے شک دوزخ گھات

مِرْصَادًا ﴿٢١﴾ لِّلطَّٰغِينَ مَآبًا ﴿٢٢﴾ لَّٰبِثِينَ

میں ہے (یعنی) سرکشوں کا وہی ٹھکانہ ہے اس میں وہ

فِيهَآ أَحْقَابًا ﴿٢٣﴾ لَّا يَذُوقُونَ فِيهَا

مدّتوں پڑے رہیں گے وہاں نہ ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے

بَرْدًا وَلَا شَرَابًا ﴿٢٤﴾ إِلَّا حَمِيمًا وَغَسَّاقًا ﴿٢٥﴾

نہ (کچھ) پینا (نصیب ہوگا) مگر گرم پانی اور بہتی پیپ

جَزَآءً وِفَاقًا ﴿٢٦﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا۟ لَا يَرْجُونَ

(یہ) بدلہ ہے پورا پورا یہ لوگ حساب (آخرت) کی اُمید ہی نہیں

حِسَابًا ﴿٢٧﴾ وَكَذَّبُوا۟ بِـَٔايَٰتِنَا كِذَّابًا ﴿٢٨﴾

رکھتے تھے اور ہماری آیتوں کو جھوٹ سمجھ کر جھٹلاتے رہتے تھے

وَكُلَّ شَىْءٍ أَحْصَيْنَٰهُ كِتَٰبًا ﴿٢٩﴾

اور ہم نے ہر چیز کو لکھ کر ضبط کر رکھا ہے

فَذُوقُوا۟ فَلَن نَّزِيدَكُمْ إِلَّا عَذَابًا ﴿٣٠﴾

سو (اب) مزا چکھو ہم تم پر عذاب ہی بڑھاتے جائیں گے

ع ۱

اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿٣١﴾ حَدَآئِقَ وَ

بیشک پرہیزگاروں کے لئے کامیابی ہے (یعنی) باغ اور

اَعْنَابًا ﴿٣٢﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿٣٣﴾ وَّكَاْسًا

انگور اور ہم عمر نوجوان عورتیں اور شراب کے چھلکتے

دِهَاقًا ﴿٣٤﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّ

ہوئے گلاس وہاں نہ بیہودہ بات سنیں گے نہ

لَا كِذّٰبًا ﴿٣٥﴾ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ

جھوٹ (خرافات) یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے

عَطَآءً حِسَابًا ﴿٣٦﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَ

صلہ ہے انعام کثیر وہ جو آسمانوں اور زمین

الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا

اور جو اُن دونوں میں ہے سب کا مالک ہے بڑا مہربان کسی کو

يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿٣٧﴾ يَوْمَ

اس سے بات کرنے کا یارا نہ ہو گا جس دن

يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا

رُوح (الامین) اور (اور) فرشتے صف باندھ کر کھڑے ہوں گے

لَا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ

تو کوئی بول نہ سکے گا مگر جس کو (خدائے) رحمٰن اجازت بخشے اور

الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ

اُس نے بات بھی درست کہی ہو یہ دن

الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ

برحق ہے پس جو شخص چاہے اپنے پروردگار کے

اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ

پاس ٹھکانا بنائے ہم نے تم کو عذاب سے جو

عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ

عنقریب آنے والا ہے آگاہ کر دیا ہے جس دن ہر شخص اُن (اعمال) کو جو

مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ

اُس نے آگے بھیجے ہوں گے دیکھ لے گا اور

الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ

کافر کہے گا کہ اے کاش! میں

تُرٰبًا ﴿۴۰﴾

مٹی ہوتا

ع ۲

سُوۡرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سَبۡعَ عَشۡرَةَ اٰيَةً

سورۃ طارق مکی ہے اور اس میں سترہ آیتیں ہیں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۙ ① وَمَاۤ اَدۡرٰىكَ

آسمان اور رات کے وقت آنے والے کی قسم اور تم کو کیا معلوم کہ رات

مَا الطَّارِقُ ۙ ② النَّجۡمُ الثَّاقِبُ ۙ ③ اِنۡ

کے وقت آنے والا کیا ہے وہ تارا ہے چمکنے والا کہ کوئی

كُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَيۡهَا حَافِظٌ ؕ ④

متنفس نہیں جس پر نگہبان مقرر نہیں

فَلۡيَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ مِمَّ خُلِقَ ؕ ⑤

تو انسان کو دیکھنا چاہیئے کہ وہ کاہے سے پیدا ہوا ہے۔

خُلِقَ مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ ⑥ يَّخۡرُجُ

وہ اُچھلتے ہوئے پانی سے پیدا ہوا ہے جو پیٹھ اور

مِنۡۢ بَيۡنِ الصُّلۡبِ وَالتَّرَآئِبِ ؕ ⑦

سینے کے بیچ میں سے نکلتا ہے۔

اِنَّهٗ عَلٰی رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ؕ﴿۸﴾ یَوْمَ

بیشک خدا اس کے اعادے یعنی پھر پیدا کرنے پر قادر ہے جس دن

تُبْلَی السَّرَآئِرُ ۙ﴿۹﴾ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ

دلوں کے بھید جانچے جائیں گے تو انسان کی کچھ پیش نہ چل سکے گی اور

وَّلَا نَاصِرٍ ؕ﴿۱۰﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۙ﴿۱۱﴾

نہ کوئی اُس کا مددگار ہوگا آسمان کی قسم جو مینہ برساتا ہے۔

وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۙ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ

اور زمین کی قسم جو پھٹ جاتی ہے کہ یہ کلام

لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۙ﴿۱۳﴾ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ؕ﴿۱۴﴾

(حق کو باطل سے) جدا کرنے والا ہے اور بیہودہ بات نہیں۔

اِنَّهُمْ یَكِیْدُوْنَ كَیْدًا ۙ﴿۱۵﴾ وَّاَكِیْدُ

یہ لوگ اپنی تدبیروں میں لگ رہے ہیں اور ہم اپنی تدبیر

كَیْدًا ﴿۱۶﴾ ۚ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ

کر رہے ہیں تو تم کافروں کو مہلت دو بس چند روز ہی

رُوَیْدًا ﴿۱۷﴾ ع

مہلت دو۔

ع ۷

# سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

سورۂ فجر مکّی ہے اس میں تیس آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْفَجْرِ ۙ﴿۱﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۙ﴿۲﴾ وَّالشَّفْعِ

فجر کی قسم اور دس راتوں کی اور جفت

وَالْوَتْرِ ۙ﴿۳﴾ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ۚ﴿۴﴾ هَلْ فِيْ

اور طاق کی اور رات کی جب جانے لگے (اور) بیشک یہ چیزیں

ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ حِجْرٍ ؕ﴿۵﴾ اَلَمْ تَرَ

عقلمندوں کے نزدیک قسم کھانے کے لائق ہیں (کہ کافروں کو ضرور عذاب ہوگا) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ

كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۙ﴿۶﴾ اِرَمَ

تمہارے پروردگار نے عاد کے ساتھ کیا کیا؟ (جو) ارم (کہلاتے

ذَاتِ الْعِمَادِ ۙ﴿۷﴾ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ

تھے اتنے) دراز قد کہ تمام ملک میں ایسے

مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۙ﴿۸﴾ وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ

پیدا نہیں ہوئے تھے اور ثمود کے ساتھ (کیا کیا) جو

جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝٩ صلے وَفِرْعَوْنَ ذِي

وادیٔ (قریٰ) میں پتھر تراشتے (اور گھر بناتے) تھے اور فرعون کیساتھ (کیا کیا) جو خیمے اور

الْأَوْتَادِ ۝١٠ صلے الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۝١١ صلے

میخیں رکھتا تھا یہ لوگ ملکوں میں سرکش ہو رہے تھے،

فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ ۝١٢ صلے فَصَبَّ عَلَيْهِمْ

اور ان میں بہت سی خرابیاں کرتے تھے تو تمہارے پروردگار نے

رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝١٣ لا ج إِنَّ رَبَّكَ

ان پر عذاب کا کوڑا نازل کیا بے شک تمہارا پروردگار

لَبِالْمِرْصَادِ ۝١٤ ط فَأَمَّا الْإِنْسَانُ إِذَا

تاک میں ہے مگر انسان (عجیب مخلوق ہے کہ) جب اس کا

مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ وَنَعَّمَهُ ۵ لا

پروردگار اس کو آزماتا ہے کہ اسے عزت دیتا ہے اور نعمت بخشتا ہے

فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ ۝١٥ ط وَأَمَّا إِذَا

تو کہتا ہے کہ (آیا) میرے پروردگار نے مجھے عزت بخشی اور جب (دوسری طرح)

مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ ۵ لا

آزماتا ہے کہ اس پر روزی تنگ کر دیتا ہے تو کہتا ہے کہ (ہائے)

فَيَقُوۡلُ رَبِّىۡۤ اَهَانَنِ ۝۱۶ كَلَّا بَلْ

میرے پروردگار نے مجھے ذلیل کیا نہیں بلکہ تم

لَّا تُكۡرِمُوۡنَ الۡيَتِيۡمَ ۝۱۷ وَلَا تَحٰٓضُّوۡنَ

لوگ یتیم کی خاطر نہیں کرتے اور نہ مسکین کو

عَلٰى طَعَامِ الۡمِسۡكِيۡنِ ۝۱۸ وَتَاۡكُلُوۡنَ

کھانا کھلانے کی ترغیب دیتے ہو اور میراث کے مال کو

التُّرَاثَ اَكۡلًا لَّـمًّا ۝۱۹ وَّتُحِبُّوۡنَ الۡمَالَ

سمیٹ کر کھا جاتے ہو اور مال کو بہت ہی

حُبًّا جَمًّا ۝۲۰ كَلَّاۤ اِذَا دُكَّتِ الۡاَرۡضُ

عزیز رکھتے ہو تو جب زمین کی بلندی کوٹ کوٹ کر پست

دَكًّا دَكًّا ۝۲۱ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالۡمَلَكُ صَفًّا

کر دی جائے گی اور تمہارا پروردگار (جلوہ فرما ہوگا) اور فرشتے قطار باندھ کر

صَفًّا ۝۲۲ وَجِائٓءَ يَوۡمَئِذٍۢ بِجَهَنَّمَ ۙ

آموجود ہوں گے اور دوزخ اس دن حاضر کی جائے گی

يَوۡمَئِذٍ يَّتَذَكَّرُ الۡاِنۡسَانُ وَاَنّٰى لَهُ

تو انسان اس دن متنبہ ہوگا مگر (اب) انتباہ (سے) اسے (فائدہ) کہاں

الذِّكْرٰى ﴿٢٣﴾ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ

(مل سکے گا؟) کہے گا کاش میں نے اپنی زندگی (جاودانی کے لئے) کچھ

لِحَيَاتِيْ ﴿٢٤﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ

آگے بھیجا ہوتا　تو اس دن نہ کوئی خدا کے عذاب کی طرح کا (کسی کو)

عَذَابَهٗٓ اَحَدٌ ﴿٢٥﴾ وَّلَا يُوْثِقُ وَ

عذاب دے گا　اور نہ کوئی ایسا

ثَاقَهٗٓ اَحَدٌ ﴿٢٦﴾ يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ

جکڑنا جکڑے گا　اے اطمینان پانے

الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿٢٧﴾ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ

والی روح　اپنے پروردگار کی طرف لوٹ چل

رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿٢٨﴾ فَادْخُلِيْ

تو اس سے راضی　وہ تجھ سے راضی　تو میرے (ممتاز) بندوں

فِيْ عِبٰدِيْ ﴿٢٩﴾ وَادْخُلِيْ

میں شامل ہو جا　اور میری بہشت میں

جَنَّتِيْ ﴿٣٠﴾

داخل ہو جا۔

سُورَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ
سورۂ کافرون مکی ہے اور اس میں چھ آیتیں ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝١ لَاۤ اَعْبُدُ مَا
آپ کہہ دیجیے کہ اے کافرو! نہ میں تمہارے معبودوں کی

تَعْبُدُوْنَ ۝٢ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ
پرستش کرتا ہوں اور نہ تم میرے معبود کی پرستش

اَعْبُدُ ۝٣ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝٤
کرتے ہو اور نہ میں تمہارے معبودوں کی پرستش کروں گا

وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝٥
اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کرو گے

لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝٦ ع
تم کو تمہارا بدلہ ملے گا اور مجھ کو میرا بدلہ ملے گا۔

ع ۶ ۳۴

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعُ اٰيَاتٍ
سورۂ اخلاص مکی ہے اور اس میں چار آیتیں ہیں ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ① اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ ② لَمْ يَلِدْ ۙ

کہو کہ وہ (ذات پاک جس کا نام) اللہ (ہے) ایک ہے (وہ) معبود برحق جو بے نیاز ہے نہ کسی کا باپ ہے

وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ③ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ④ ع

اور نہ کسی کا بیٹا اور کوئی اس کا ہمسر نہیں۔

ع ۱ ۳۷

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

سورۃ فلق مکی ہے اور اس میں پانچ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ ① مِنْ شَرِّ

کہو کہ میں صبح کے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں ہر چیز کی برائی سے جو

مَا خَلَقَ ۙ ② وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ ③

اس نے پیدا کی اور شب تاریک کی برائی سے جب اس کا اندھیرا چھا جائے۔

وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ ④ وَمِنْ

اور گنڈوں پر (پڑھ پڑھ کر) پھونکنے والیوں کی برائی سے اور حسد کرنے

شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ⑤ ع ۱-۵ ۳۸

والے کی بُرائی سے جب حسد کرنے لگے۔

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

سُورۂ ناس مکّی ہے اور اس میں چھ آیتیں ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ① مَلِكِ النَّاسِ ②

کہو کہ میں لوگوں کے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں، یعنی لوگوں کے حقیقی بادشاہ کی،

اِلٰهِ النَّاسِ ③ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۵

لوگوں کے معبود برحق کی، (شیطان) وسوسہ انداز کی بُرائی سے جو (خدا کا نام سُن کر)

الْخَنَّاسِ ④ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ

پیچھے ہٹ جاتا ہے جو لوگوں کے دِلوں میں وسوسے ڈالتا

النَّاسِ ⑤ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ⑥ ع ۱-۶ ۳۹

ہے (خواہ وہ) جنّات سے (ہو) یا انسانوں میں سے،

# اَسْمَآءُ الْحُسْنٰی بَارِیْ تَعَالٰی عَزَّ اِسْمُہٗ

باری تعالےٰ عزاسمہٗ کے اسماء حسنیٰ

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

## هُوَاللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ جلّ جلالہٗ ؎

وہ ذات پاک اللہ ہے نہیں کوئی معبود مگر وہ بہت رحم کرنے والا بڑا ہے مرتبہ اس کا

## اَلرَّحِيْمُ اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ

مہربان بادشاہ پاک سلامت رکھنے والا

## اَلْمُؤْمِنُ اَلْمُهَيْمِنُ اَلْعَزِيْزُ اَلْجَبَّارُ

امن دینے والا نگہبان غالب نقصان کو پورا کرنیوالا

## اَلْمُتَكَبِّرُ اَلْخَالِقُ اَلْبَارِئُ اَلْمُصَوِّرُ

بڑائی والا پیدا کرنے والا عالم کا بنانے والا صورت بنانے والا

## اَلْغَفَّارُ اَلْقَهَّارُ اَلْوَهَّابُ اَلرَّزَّاقُ

بخشنے والا زبردست بخشنے والا رزق دینے والا

## اَلْفَتَّاحُ اَلْعَلِيْمُ اَلْقَابِضُ اَلْبَاسِطُ

کھولنے والا جاننے والا بند کرنے والا کھولنے والا

؎ تمام اسماء کے ساتھ جلّ جلالہٗ کا پڑھنا افضل ہے نہ پڑھیں کوئی حرج نہیں ۶۲

الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ الْمُذِلُّ

پست کرنے والا — بلند کرنے والا — عزت دینے والا — خوار کرنے والا

السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ الْحَكَمُ الْعَدْلُ

سُننے والا — دیکھنے والا — حاکم — عدل کرنے والا

اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ الْحَلِيْمُ الْعَظِيْمُ

باریک بین — خبردار — بُردبار — بُزرگ

الْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ

بخشنے والا — شکر پسند — بُلند — بڑا

الْحَفِيْظُ الْمُقِيْبُ الْحَسِيْبُ الْجَلِيْلُ

نگہبان — قوت دینے والا — کافی — بُزرگ

الْكَرِيْمُ الرَّقِيْبُ الْمُجِيْبُ الْوَاسِعُ

سخی — نگہبان — قبول کرنے والا — فراخی دینے والا

الْحَكِيْمُ الْوَدُوْدُ الْمَجِيْدُ الْبَاعِثُ

حکمت والا — دوست بڑا — بُزرگ — اٹھانے والا

الشَّهِيْدُ الْحَقُّ الْوَكِيْلُ الْقَوِيُّ

گواہ — سچا — کارساز — طاقت والا

| | | | |
|---|---|---|---|
| المتین | الولی | الحمید | المحصی |
| مضبوط | دوست | قابلِ تعریف | گھیرنے والا |
| المبدئ | المعید | المحیی | الممیت |
| پہلے پیدا کرنے والا | دوبارہ پیدا کرنیوالا | زندہ کرنے والا | مارنے والا |
| الحی | القیوم | الواجد | الماجد |
| زندہ | ہمیشہ رہنے والا | پانے والا | بزرگی والا |
| الواحد | الاحد | الصمد | القادر |
| ایک | اکیلا | بے نیاز | قدرت والا |
| المقتدر | المقدم | المؤخر | الاول |
| صاحبِ قدرت کا | پہلا | پچھلا | اوّل |
| الاٰخر | الظاہر | الباطن | الوالی |
| آخر | آشکارا | پوشیدہ | کارساز |
| المتعالی | البر | التواب | المنعم |
| برتر | احسان کرنے والا | توبہ قبول کرنے والا | انعام دینے والا |
| المنتقم | العفو | الرءوف | مالک الملک |
| بدلہ لینے والا | معاف کرنے والا | بہت مہربان | مالک مُلک کا |

ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ الرَّبُّ الْمُقْسِطُ

صاحب بزرگی اور بخشش کا پالنے والا عدل کرنے والا

الْجَامِعُ الْغَنِیُّ الْمُغْنِیُ الْمُعْطِی

جمع کرنے والا بے پرواہ دولتمند کرنے والا دینے والا

الْمَانِعُ الضَّآرُّ النَّافِعُ النُّوْرُ الْهَادِی

منع کرنے والا ضرر دینے والا نفع دینے والا روشنی والا راہ دکھانے والا

الْبَدِیْعُ الْبَاقِی الْوَارِثُ الرَّشِیْدُ الصَّبُوْرُ

نیا پیدا کرنے والا ہمیشہ رہنے والا مالک رہنما بڑا تحمل والا

الَّذِی لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ

وہ ذات کہ نہیں اس کی مانند کوئی اور وہ ہے سننے والا دیکھنے والا

غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ نِعْمَ الْمَوْلٰی

تیری بخشش چاہیئے اے رب ہمارے اور تیری طرف رجوع ہے کیا خوب مولیٰ ہے

وَنِعْمَ النَّصِیْرُ سَمِیْعٌ بَصِیْرٌ عَلِیْمٌ

اور کیا خوب مددگار سننے والا دیکھنے والا جاننے والا

قَدِیْرٌ مُّرِیْدٌ مُّتَکَلِّمٌ

قدرت والا ارادے والا کلام کرنے والا

# اَسْمَآءِ مُقَدَّسَہ حَضْرت نَبِیّ کَرِیْم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء مقدس

## بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مُحَمَّدٌ | اَحْمَدُ | حَامِدٌ | مَحْمُوْدٌ | قَاسِمٌ |
| تعریف والا | سب سے زیادہ حمد کرنیوالا | سراہنے والا | سراہا گیا | بانٹنے والا |
| عَاقِبٌ | فَاتِحٌ | خَاتِمٌ | حَاشِرٌ | مَاحٍ |
| پیچھے آنے والا | کھولنے والا | ختم کرنے والا | اُٹھنے والا | محو کرنے والا |
| دَاعٍ | سِرَاجٌ | رَشِيْدٌ | مُنِيْرٌ | بَشِيْرٌ |
| بُلانے والا | چراغ | نیک | نور والا | خوشخبری دینے والا |
| نَذِيْرٌ | هَادٍ | مُهْدٍ | رَسُوْلٌ | نَبِيٌّ |
| ڈرانے والا | ہادی | ہدایت والا | رسول | نبی |
| طٰہٰ | یٰسٓ | مُزَّمِّلٌ | مُدَّثِّرٌ | شَفِيْعٌ |
| طٰہٰ | یٰسٓ | کملی والے | چادر اوڑھنے والے | شفاعت والا |
| خَلِيْلٌ | كَلِيْمٌ | حَبِيْبٌ | مُصْطَفٰى | مُرْتَضٰى |
| دوست جانی | کلام کرنے والا | دوست | چُنا ہُوا | برگزیدہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مُجْتَبٰی | مُخْتَارٌ | نَاصِرٌ | مَنْصُوْرٌ | قَآئِمٌ |
| چُنا ہُوا | پسندیدہ | مدد دینے والا | مدد دیا گیا | قائم |
| حَافِظٌ | شَهِیْدٌ | عَادِلٌ | حَکِیْمٌ | نُوْرٌ |
| حافظ | گواہ | عدل والا | حکمت والا | نُور |
| حُجَّةٌ | بُرْهَانٌ | اَبْطَحِیٌّ | مُؤْمِنٌ | مُطِیْعٌ |
| دلیل | حجت | ابطح والا | ایمان والا | تابعدار |
| مُذَكِّرٌ | وَاعِظٌ | اَمِیْنٌ | مَدَنِیٌّ | عَرَبِیٌّ |
| نصیحت کرنیوالا | واعظ | امانت دار | مدینہ والا | عرب والا |
| هَاشِمِیٌّ | تِهَامِیٌّ | حِجَازِیٌّ | نِزَارِیٌّ | قُرَشِیٌّ |
| ہاشمی | تہامی | حجاز والا | مضر بن نزار کی اولاد سے | قریشی |
| مُضَرِیٌّ | اُمِّیٌّ | عَزِیْزٌ | حَرِیْصٌ | رَءُوْفٌ |
| مضر والا | ان پڑھ | غالب | حرص کرنے والے (لوگوں کے ایمان کے لئے) | نرم دِل |
| رَحِیْمٌ | یَتِیْمٌ | غَنِیٌّ | جَوَّادٌ | فَتَّاحٌ |
| رحم والا | یتیم | بے پروا | سخی | فتح کرنے والا |
| عَالِمٌ | طَیِّبٌ | طَاهِرٌ | مُطَهَّرٌ | خَطِیْبٌ |
| جاننے والا | پاک | پاک کرنے والا | پاکیزہ | واعظ |

فَصِيْحٌ سَيِّدٌ مُّنْتَقًى اِمَامٌ بَآرٌّ

عمدہ بیان والا سردار پاک کرنے والا پیشوا نیک

شَافٍ مُّتَوَسِّطٌ سَابِقٌ مُّتَصَدِّقٌ مُّهْدِيٌّ

شفا دینے والا متوسّط آگے جانے والا میانہ رو ہدایت والا

حَقٌّ مُّبِيْنٌ اَوَّلٌ اٰخِرٌ ظَاهِرٌ

سچّا ظاہر اوّل پچھلا ظاہر

بَاطِنٌ رَّحْمَةٌ مُّحَلِّلٌ مُّحَرِّمٌ اٰمِرٌ

چھپا رحمت حلال کرنے والا حرام کرنے والا حکم دینے والا

صَادِقٌ مُّصَدِّقٌ نَّاطِقٌ صَاحِبٌ مَّكِّيٌّ

سچّا سچ بولنے والا بولنے والا صاحب مکّے والا

نَاهٍ شَكُوْرٌ قَرِيْبٌ مُّنِيْبٌ مُّبَلِّغٌ طٰسٓ

منع کرنیوالا شکر گذار قریب رجوع کرنے والا پہنچانے والا طٰسٓ

حٰمٓ حَبِيْبٌ اَوْلٰى وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ

حٰمٓ محبوب بہتر اور رحمت اللہ کی اوپر رسول بہترین

خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○

خلقت اسکی کے ہمارے سردار محمدؐ کے اور اوپر اولاد اُن کی اور اصحاب اُن کے سب کے

# هٰذِهِ الْاَسْمَآءُ السَّبْعُ مِنْ اَوْرَادِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ

یہ سات نام ہیں اوراد شیخ عبدالقادر جیلانیؒ میں سے

# الْجِیْلَانِیْ مَعَ تَوَجُّهَاتٍ هست کلید درِ گنج حکیم

ساتھ رجوع دل کے ہے کنجی دروازے خزانے خدا کی

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سیدنا و مولٰنا حجۃ الحق الی الخلق شیخ عبدالقادر الجیلی قدس سرہٗ ان اسماء کا ورد کرتے تھے اور آپ نے ہر اسم کیلئے ایک توجہ بناتی ہے جو کہ ہر سو مرتبہ یا پانچ سو مرتبہ اسم پڑھنے کے بعد پڑھی جائیگی۔ انکی برکات ظاہر ہیں:

## اَلْاِسْمُ الْاَوَّلُ (پہلا نام) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اس کو ایک لاکھ مرتبہ پڑھے اس کی توجہ یعنی مطلب اصطلاح تصوّف میں یہ ہوتا ہے کہ اے خدا میرے ظاہر پر اس کلمہ کی بادشاہی قائم کر اور باطن میں اس کے حقائق ثابت کر اور مجھ میں اس کے احاطہ سے میرے ظاہر کا استغراق ہو۔ تاکہ مراتب وجود و شہود میں تیرے افعال و صفات کے سوا کسی کو نہ دیکھوں۔

## اَلْاِسْمُ الثَّانِیْ (دوسرا نام) اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

اس کو ایک لاکھ مرتبہ پڑھے اس کی توجہ یعنی مطلب (اصطلاح تصوّف میں) یہ ہے کہ اے خدا مجھ کو اپنی طرف راستہ دکھا اور مجھ کو اپنے آگے ادب والا و ثابت قدم بنا اور اپنی محبت دے میرے دل کو اپنی ذات کیلئے مظہر اور اپنے احکام کیلئے سرچشمہ بنا۔ اگر حرفِ ندا یعنی یا کے ساتھ پڑھے تو یا اَللّٰهُ یا اَللّٰهُ یا اَللّٰهُ کہے۔

## اَلْاِسْمُ الثَّالِثُ (تیسرا نام) حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ

ایک لاکھ مرتبہ پڑھے۔ اسکی توجہ یعنی مطلب یہ ہے کہ مجھ کو پاک زندگی دے اپنی محبت کا پاکیزہ و شیریں شربت پلا۔ میری زندگی تجھ میں وابستہ رہے، اپنی حیات کا نور میری حیات میں ظاہر کر، میری روح کو دائمی حیات نصیب کر اور قیامت کے

دِن میرے باطن کو اپنے باطن سے نفع پہنچا میرے دل کو اپنی پرورش کے بھیدوں سے آگاہ کر میری زبان کو باطنی علوم پر گویا کر۔ اگر یا کے ساتھ پڑھے تو بلا تنوین یَا حَیُّ یَا حَیُّ یَا حَیُّ کہے۔

## اَلْاِسْمُ الرَّابِعُ (چوتھا نام) وَاحِدٌ وَاحِدٌ وَاحِدٌ

اس کو ایک لاکھ مرتبہ پڑھے۔ اس کی توجہ یعنی مطلب اصطلاح تصوف میں یہ ہے کہ اپنے نورِ وحدانیت کے ذریعے مجھ کو موحد بنا اور اپنے پر کامل یقین کرنے کی مجھ کو توفیق دے کہ تو اپنی خدائی میں اکیلا ہے اور میرے تمام دینی و دنیاوی کاموں کے لئے بس تو ہی کافی ہے اگر یا کے ساتھ پڑھے تو یوں کہے یَا وَاحِدُ یَا وَاحِدُ یَا وَاحِدُ۔

## اَلْاِسْمُ الْخَامِسُ (پانچواں نام) عَزِیْزٌ عَزِیْزٌ عَزِیْزٌ

اس کو ایک لاکھ مرتبہ پڑھے۔ اس کی توجہ یعنی مطلب اصطلاح تصوف میں یہ ہے کہ مجھ کو اپنی عزت کے واسطہ سے عزت والوں میں داخل کر، عزت والوں کے کام مجھ سے کرا مجھ کو عزت دے اور عزت والے بندوں میں داخل کر۔ اگر یا کے ساتھ پڑھے تو پھر بلا تنوین پڑھے۔ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ ہے۔

## اَلْاِسْمُ السَّادِسُ (چھٹا نام) وَهَّابٌ وَهَّابٌ وَهَّابٌ

اس کو ایک لاکھ مرتبہ پڑھے اس کی توجہ یعنی مطلب اصطلاحِ تصوف میں یہ ہے کہ مجھ کو ایسی توفیق بخش جو تیری مرضی کے کاموں تک مجھ کو پہنچا دے۔ اے بھید کی باتوں کے بتانے والے اور بخشنے والے مجھ پر مہربانی کر۔ اے خدا تو مجھ پر اپنی بخشش کی حقیقت جاری کر۔ اے خدا تو مجھ پر اس امر کا نگران بنا رہ کہ صرف تیرا ہی محتاج بنا رہوں کیونکہ تیری غنا و دولت درحقیقت کامل ہے پس تو مجھ فقیر بندہ پر ایسا احسان کر کہ خود غنی ہو کر دوسروں کو بھی فائدہ پہنچاؤں، کیونکہ تو غنی ہے اور دینے والا ہے، اگر یا کے ساتھ پڑھے تو پھر یوں پڑھے یَا وَهَّابُ یَا وَهَّابُ یَا وَهَّابُ۔

## اَلْاِسْمُ السَّابِعُ (ساتواں نام) وَدُوْدٌ وَدُوْدٌ وَدُوْدٌ

اس کو ایک لاکھ مرتبہ پڑھے اس کی توجہ یعنی مطلب اصطلاح تصوف میں یہ ہے کہ مجھ کو نیک لوگوں کی محبت عطا کر۔ اے خدا مجھ کو مخلوق کے شر سے بچا۔ کیونکہ ان کے شر کے بند کرنے کی تجھ میں کامل طاقت ہے۔ اگر یا کے ساتھ پڑھے تو پھر بلا تنوین یعنی یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ پڑھے۔

# دُعَآئے گَنجُ العَرش

دُعائے گنج العرش

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبۡحَانَ الۡمَلِکِ الۡقُدُّوۡسِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ذات ہے بادشاہ نہایت پاک

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبۡحَانَ الۡعَزِیۡزِ الۡجَبَّارِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے غالب، بگاڑ کا اصلاح کرنے والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبۡحَانَ الرَّءُوۡفِ الرَّحِیۡم

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑا مہربان نہایت رحم والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبۡحَانَ الۡغَفُوۡرِ الرَّحِیۡم

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بخشنے والا نہایت مہربان

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبۡحَانَ الۡکَرِیۡمِ الۡحَکِیۡمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بخشش والا حکمت والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبۡحَانَ الۡقَوِیِّ الۡوَفِیِّ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے زور آور وعدہ وفا کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللَّطِيْفِ الْخَبِيْرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے باریک بین خبردار

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الصَّمَدِ الْمَعْبُوْدِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بے نیاز عبادت کے لائق

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَفُوْرِ الْوَدُوْدِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بخشنے والا بہت دوست رکھنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْوَكِيْلِ الْكَفِيْلِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے کارساز ذمہ دار کاموں کا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّقِيْبِ الْحَفِيْظِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے نگہبان محافظ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الدَّآئِمِ الْقَآئِمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے ہمیشہ رہنے والا قائم

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمُحْيِ الْمُمِيْتِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے زندہ کرنے والا مارنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے زندہ اپنی ذات سے قائم

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْخَالِقِ الْبَارِئِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے پیدا کرنے والا درست کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے عالی شان عظمت والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے ایک ذات و صفات میں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمُؤْمِنِ الْمُهَیْمِنِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے امن دینے والا نگہبان

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَسِیْبِ الشَّهِیْدِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے کافی اور حاضر ناظر

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَلِیْمِ الْكَرِیْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بُردبار بخشنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْاَوَّلِ الْقَدِیْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے سب سے اوّل اور قدیم

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْاَوَّلِ الْاٰخِرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے سب سے پہلا اور سب سے پچھلا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الظَّاهِرِ الْبَاطِنِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے ظاہر (قدرت والا) اور چُھپا ہوا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑا بُلند

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَاضِی الْحَاجَاتِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے حاجتوں کا پُورا کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بخشنے والا بڑا مہربان

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑے عرش کا رَبّ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے میرا عالی رُتبہ والا پروردگار

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْبُرْهَانِ السُّلْطَانِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے ظاہر غلبہ والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّمِيْعِ الْبَصِيْرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے سُننے والا دیکھنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے اکیلا غالب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلِيْمِ الْحَكِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے علم والا حکمت والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّتَّارِ الْغَفَّارِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے چھپانے والا (عیبوں کا) بخشنے والا (گناہوں کا)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّحْمٰنِ الدَّيَّانِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑا مہربان بدلہ دینے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْكَبِيْرِ الْاَكْبَرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑا سب سے بزرگ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلِيْمِ الْعَلَّامِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے خبردار وسیع علم والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الشَّافِى الْكَافِى

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے شفا دینے والا کفایت کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَظِيْمِ الْبَاقِى

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے عظمت والا سدا رہنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الصَّمَدِ الْاَحَدِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بے نیاز اکیلا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے زمین اور آسمان کا پروردگار

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ خَالِقِ الْمَخْلُوْقَاتِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے مخلوق کا پیدا کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ مَنْ خَلَقَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے جس نے دن اور رات کو پیدا کیا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْخَالِقِ الرَّزَّاقِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے پیدا کرنے والا اور رزق دینے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْفَتَّاحِ الْعَلِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑا کھولنے والا (کاموں کا) علم والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْغَنِيِّ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے غالب بے پروا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَفُوْرِ الشَّكُوْرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بخشنے والا قدر دان

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَظِيْمِ الْعَلِيْمِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے عظمت والا علم والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے جسمانی اور روحانی بادشاہت کا مالک

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے عزّت والا اور عظمت والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے دبدبہ اور قدرت والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْكِبْرِيَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بزرگی اور بڑائی والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّتَّارِ الْعَظِيْمِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے چھپانے والا عیبوں کا عظمت والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَالِمِ الْغَيْبِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے جاننے والا غیب کا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَمِيْدِ الْمَجِيْدِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے خوبیوں والا بزرگی والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَكِيْمِ الْقَدِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے حکمت والا قدیم

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَادِرِ السَّتَّارِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے قدرت والا پردہ پوش

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے سُننے والا جاننے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَنِيِّ الْعَظِيْمِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بے پروا عظمت والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلَّامِ السَّلَامِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑا دانا سلامتی دینے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ النَّصِيْرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بادشاہ مدد دینے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَنِيِّ الرَّحْمٰنِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بے پروا بڑا مہربان

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَرِيْبِ الْحَسَنٰتِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے خوبیوں کے نزدیک

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْوَلِیِّ الْحَسَنٰتِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے خوبیوں کا دوست

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الصَّبُوْرِ السَّتَّارِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بُردبار عیب پوش

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْخَالِقِ النُّوْرِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے اُجالے کا پیدا کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَنِیِّ الْمُعْجِزِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بے پروا عاجز کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْفَاضِلِ الشَّكُوْرِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے کمالات والا قدردان

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَنِیِّ الْقَدِيْمِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بے پروا قدیم

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ الْمُبِيْنِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے ظاہر بُزرگی والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْخَالِصِ الْمُخْلِصِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بالکل بے عیب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الصَّادِقِ الْوَعْدِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے سچے وعدے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے سچّا ظاہر

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِى الْقُوَّةِ الْمَتِيْنِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے زور آور مضبوط

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَوِىِّ الْعَزِيْزِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے قدرت والا غالب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلَّامِ الْغُيُوْبِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے چھپی باتوں کا جاننے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَىِّ الَّذِىْ لَايَمُوْتُ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے وہ زندہ جو نہیں مرتا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّتَّارِ الْعُيُوْبِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے عیبوں کا چھپانے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمُسْتَعَانِ الْغَفُوْرِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے جس سے بخشش و مدد طلب کی جاسکتی ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے تمام جہانوں کا پروردگار

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّحْمٰنِ السَّتَّارِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بڑا مہربان پردہ پوش

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّحِيْمِ الْغَفَّارِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے رحم والا بخشنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے غالب بہت عطا کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْمُقْتَدِرِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے قدرت والا قدرت ظاہر کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِى الْغُفْرَانِ الْحَلِيْمِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بخشنے والا بُردبار

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَالِكِ الْمُلْكِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے بادشاہی کا مالک

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْبَارِئِ الْمُصَوِّرِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے پاک ہے پیدا کرنے والا صورت بنانے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْجَبَّارِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے　پاک ہے　غالب　زبردست

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْجَبَّارِ الْمُتَكَبِّرِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے　پاک ہے زبردست　بڑائی کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے　پاک ہے اللہ اس چیز سے جو مشرک بیان کرتے ہیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقُدُّوْسِ السُّبُّوْحِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے　پاک ہے نہایت پاک　بڑی پاکی والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے　پاک ہے　فرشتوں　اور روح کا رب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِى الْاٰلَآءِ وَالنَّعْمَآءِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے　پاک ہے　بخشش اور نعمتوں والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْمَقْصُوْدِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے　پاک ہے　بادشاہ　دنیا کا مقصد

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَنَّانِ الْمَنَّانِ
نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے　پاک ہے رحمت کرنے والا احسان کرنے والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ آدَمُ صَفِیُّ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے آدمؑ اللہ کا صفی (برگزیدہ) ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ نُوْحٌ نَّجِیُّ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے نوحؑ اللہ کا نجی (ہمراز) ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِبْرٰهِیْمُ خَلِیْلُ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے ابراہیمؑ اللہ کا خلیل (دوست) ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِسْمٰعِیْلُ ذَبِیْحُ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اسمٰعیلؑ اللہ کا ذبیح (اس کی راہ میں) ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُوْسٰی کَلِیْمُ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے موسٰیؑ اللہ کا کلیم (ہمکلام) ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَاوٗدُ خَلِیْفَةُ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے داؤدؑ اللہ کا خلیفہ ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عِیْسٰی رُوْحُ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے عیسٰےؑ اللہ کی رُوح ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

